"UNSTARRED QUESTION AND ITS REPLY"

9. **Qazi Hussain Ahmed:** Will the Minister for Works, Environment and Urban Affairs be pleased to state the complete details of the decision taken by the government on the issue of granting ownership rights to the residents of Sector G-6, Islamabad?

Makhdoom Muhammad Amin Fahim: The Government's decision is given below:-

(i) The question of granting ownership rights of government owned houses to the occupants does not arise. All the occupants of the Government quarters/houses in Sector G-6 who have retired or are living illegally over there may be ejected forthwith and efforts be made to get the stay orders, if any, vacated so that the houses under their occupation are allotted to those Government servants who are waiting for Government accommodation.

(ii) G-6 Sector be re-developed in a phased manner on self-financing basis through resource generation i.e. sale of commercial plots and residential flats. Whereby 131.5 acres of land may be utilized for construction of 9.

542 four storeyed (ground+3 storeyed) apartments, and convert the remaining landfor commercial use i.e. high-rise commercial buildings. Out of 9,542 apartments, 3,610 apartments(equal to the existing number of quarters to be demolished) may be taken on the Government pool for allotment to Government employees and the remaining may be offered for sale to the existing *bona fide* allottees and other Government employees on ownership basis. The funds for the project shall be raised through auction of land converted for commercial use, realization of cost of land and sale of apartments.

(iii) Multi-storeyed flats(ground plus three storeys) be built with adequate space for parking, storage, shopping complex and basement wherever feasible and sufficient green area in between the blocks be provided

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔پوائنٹ آف آرڈر جناب۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب پوائنٹ آف آرڈر ۔ ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب یہ نوائے وقت کے آج کے شمارے میں ' یہ ایک محترم صحافی جو اس سے منسلک ہیں۔ جو یہاں پر کارروائی دیکھتے رہتے ہیں ' انہوں نے ایک سرخی لگوائی ہے۔سرکاری ارکان نے ڈاکٹر شیر افگن کر کراچی کی بات پر ۔ سینٹ (۔ایوان میں قہقہ)۔ اور شیر افگن کا وقت حسین شاہ راشدی کو دے دیا گیا ۔ گزارش یہ ہے کہ میں یہاں موجود نہیں تھا اور اس وقت عبدالرحیم مندوخیل صاحب پریذائیڈنگ آفیسر تھے ۔ انہوں نے باقاعدہ میرا نام پکارا میں مصروف تھا ۔ میرا حق ختم ہو چکا تھا ۔ اور میں مشکور ہوں رضا ربانی صاحب کا کہ وہ بہت ہی جی دار باتیں کر رہے تھے ۔ حقائق پر روشنی ڈال رہے تھے ۔ کراچی کے مسئلہ سے وہ منسلک تھے ۔ میں خوش ہوں کہ انہوں نے میرا نام اسے دے دیا چونکہ ان کی کچھ ایسی باتیں تھیں جو رہتی تھیں ۔ اور تمام بینچز سے معزز اراکین گزارش کر رہے تھے چیئر سے کہ ان کو زیادہ ٹائم دیا جائے اوور ٹائم اور انہوں نے دے دیا ۔ جب میں آیا تو رضا ربانی صاحب نے ہی میرا نام لسٹ میں

شامل کرایا تھا۔ یہ ان کی شفیت تھی کہ میں بھی بولوں لیکن مناسب یہی تھا ۔ اگر میں نائم لیتا تو راشدی صاحب کی تقریر ادھوری رہ جاتی ۔ لیکن اس قسم کی صحافت ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایوان، معزز اراکین اور یہ حکومتی بینچوں کو خراب کرنے کے لیے ، یہ گندی چیزیں لکھتے ہیں اور حقائق کے منافی کہ بعد میں سمجھانے بجھانے سے میں ۔ حالانکہ I had lost my parliamentary right to talk because I was not available on the floor یہ پروسیجر میں بھی ہے اور روایات میں بھی ہے کہ اگر کوئی معزز رکن موجود نہ ہو اس کا نام پکارا جائے، یہ آپ کی شفقت ہے کہ آپ روزانہ، کوئی ممبر اگر نہیں بھی ہوتا، جب آتا ہے اسے موقع ملتا ہے اور اسے آپ نائم دیتے ہیں ۔ جبکہ روایات میں یہ مصدقہ بات ہے اور I was not available یہ ایسی باتیں ہیں اور خصوصی طور پر اس قسم کے اخبار نوائے وقت اور دوسروں کا نام میں نہیں لینا چاہتا اپنی hostility کسی اور طریقہ سے ظاہر کریں لیکن یہ طریقہ نہیں ہے کہ ایک چیز کولف توڑ مڑوڑ کر ایسی خبریں شائع کریں ۔ جناب والا! آپ اس کا سختی سے نوٹس لیں اور اس کا جو سدباب ہو سکے وہ کریں۔ I felt myself as offended. اور یہ نامناسب بات ہے ۔ آج میرے ساتھ ہوئی ہے ۔ یہ کل آپ کے ساتھ ہوگی اور معزز اراکین کے ساتھ ہوگی ۔ یہ میری humble submission ہے ۔ اس کا آپ نوٹس لیں ۔

جناب چیئرمین۔ اچھا۔ اب پریویج موشن اشتیاق اظہر صاحب کا ہے جو کہ pending پڑا ہوا ہے ۔ جناب اشتیاق اظہر صاحب

Mian. Raza Rabbani: One submission, Sir

Mr. Chairman: Yes, please.

Mian. Raza Rabbani: That is , I think, he has given it in writing also. The Interior Minister has gone to Karachi so, if they could give me the papers then we can process it and then take it upon on Monday, Sir

جناب چیئرمین۔ کیوں جی ٹھیک ہے۔

سید اشتیاق اظہر۔ آپ نے فرمایا تھا کہ جنرل بابر نے جواب دیا تھا اور انہوں نے چونکہ total deny کیا تھا تو سارے papers لا کر دے دیئے ہیں ۔ جنرل بابر سے مجھے یہ توقع

تھی وہ آئیں تو میں سارے کاغذات ان کو دوں ۔

جناب چیئرمین۔ اس طرح کریں ناں۔ تجویز ان کی یہ ہے کہ کاغذ آپ ان کو دے دیں ۔ اور آپ بتا بھی دیں کہ کیا کاغذات ہیں اور یہ کہہ رہے تھے کہ اس پر فیصلہ نہ کیا جائے جب تک وہ آ نہ جائیں ۔ وہ کب آ جائیں گے ۔

Mian. Raza Rabbani: Sir, he should be in the House on Sunday

جناب چیئرمین۔ Sunday کو وہ آ جائیں ۔

سید اشتیاق اظہر۔ وہ چلے گئے ۔

جناب چیئرمین۔ وہ کراچی گئے ہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔جناب والا! اجازت دیں تو میں کچھ عرض کروں۔

جناب چیئرمین۔ جی فرمائیے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب چیئرمین میں آپ کے سامنے یہ عرض کر رہا تھا جب یہ پریویج آپ کے سامنے move ہوا تو ادھر سے مکمل denial آیا ۔ ہم اس بندے کو جانتے ہی نہیں ہم نے اس بندے کو پکڑا ہی نہیں ہے ۔ تو اشتیاق اظہر صاحب نے جب پریویج موشن raise کیا تو ان کے علم میں یہ بات نہیں تھی کہ وہ ایم کیو ایم کا آدمی پکڑا گیا ہے ۔ ان کا آرڈر موجود ہے ۔ آرڈر further extend ہوا ہے ۔ اس کی بیوی نے دو دفعہ apply کیا ہے ۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دو دفعہ اس کو ملاقات کی اجازت دی ہے ۔ یہ ان کے علم میں نہیں تھا ۔ میرے علم میں تھا ۔ کیونکہ میں نے یہ سب آرڈرز دیکھے تھے ۔

جناب چیئرمین۔ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا آرڈر ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جی ہاں اسلام آباد ' ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا آرڈر ہے۔ جناب والا! عرض یہ ہے کہ میں نے کھڑے ہو کر آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ جناب یہ پوزیشن جو منسٹر صاحب نے لی ہے یہ بالکل غلط ہے اور صورت حال یہ ہے کہ وہ باقاعدہ detained ہے ۔ under proper order اور وہ order has been extended further اس کے بعد ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے دو دفعہ اس کی بیوی کو ملاقات کی اجازت دی ہے ۔ تو on the floor of this

House to say کہ ہم اس آدمی کو جانتے ہی نہیں ہیں۔ ہم نے پکڑا ہی نہیں ہے ۔ ہماری custody ہی میں نہیں ہے ۔ یہ ایسی بات ہے ہم پیپر ابھی سپلائی کر رہے ہیں۔ ہم نے ان تمام پیپرز کی فوٹو سٹیٹ کرا دی ہیں۔

Mr. Chairman: The Interior Minister makes a statement on the floor of the House. What he is saying is correct then I think it needs to be taken notice of it.

میاں رضا ربانی۔ جناب! میں ابھی عرض کروں گا وہ جو کہہ رہے ہیں ۔ میں documents لے لیتا ہوں اور

on behalf of the Interior Minister and on behalf of the Government I assure you and the House that the statement which was made by the Interior Minister if it was a wrong statement , it was not made deliberately or to mislead this House. might be, there may have been a communication gap that is why I am saying that if they give me the documents we will hold an inquiry into it immediately and apprise the House. But I would like to reassure the House on behalf of the Government and on behalf of the Interior Minister that it was not a deliberate attempt on our part to mislead the House.

Mr. Chairman: Then that means that somebody is misleading the Minister, keeping him in the dark.

(interruption)

Mr. Chairman: Please read and what are those documents.

Mr. Aftab Ahmed Sheikh: The Interior Minister could have taken time to reply.

(interruption)

Mr. Chairman: No, he had proper notice. What it means is that

somebody in the Ministry, because I know that the Minister may not know so many things are happening in the Ministry but he had notice of this. Somebody must have briefed him because he made a categorical statement that we know nothing and this is correct that the order has been issued by the Ministry of Interior.

(interruption)

Mr. Chairman: Please read out those documents.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ جناب! آرڈرز یہ ہیں۔ یہ چار documents ہیں ۔ اور چاروں کی میں نے فوٹو سٹیٹ کرائی ہیں۔ پہلا آرڈر ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسلام آباد کا' جس میں

this is of 4th June. Whereas it has been brought to my notice that Jaffer Ali Khan son of Kalbe Ali Khan, house No. so and so is acting in a manner prejudicial to the public peace and tranquility, something is omitted, and good order and is likely to create law and order situation in Islamabad and whereas with a view to preventing the said Mr. so and so from acting in a manner prejudicial to the public peace, tranquility and good order, it is necessary to give the directions herein appearing. Now, therefore, I Amjad Nazeer, District Magistrate, in exercise of the power conferred upon me in Section 3 of the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance 1960s do hereby direct that the said so and so shall be immediately arrested and detained in the Central Jail, Adiala, Rawalpindi for a period of 30-days from the making of this order subject to such conditions or directions as may be issued. This order has been further extended. Now grounds have been supplied that an exercise was conducted by FIA alongwith other security agencies regarding credentials of various suspects involved in various activities in the country specially in Islamabad. Sir, it has been transpired that you have been extremely

involved in anti-national subversive activity. This is the ground. Although ground may be ambiguous, vague, but the grounds also have been supplied. Then, Sir, the following close relatives of Jaffer Ali Khan, a detenu, detained vide order No. so and so dated so and so are hereby allowed to meet the aforesaid detenue as per rules dated so and so. Iram Jaffer Ali Khan, (wife), Rashida (sister), Farida (sister). Then, Sir, this ordinance is dated 18-6-1995, then another order has been passed on 2-7-1995. It says, that Mst. Mustafi Iram (wife of Jaffer Ali Khan) detained vide order so and so is hereby allowed to meet the aforesaid detenu with their three minor children as per rule so and so. The exception that I am taking, Mr. Chairman, is he so categorical about it.

جناب چیئرمین۔ٹھیک ہے ان کو کاغذات دے دیں۔

سید اشتیاق اظہر۔جناب چیئرمین ایک بات اور ہے

He was kidnapped on 31st of previous month.

جناب چیئرمین۔یہ آپ کا پرسنل ڈرائیور ہے؟

جناب آفتاب احمد شیخ۔یہ ڈرائیور سینٹ کا ہے۔

سید اشتیاق اظہر۔یہ ڈرائیور سینٹ کا ملازم ہے۔

جناب چیئرمین۔جی ان کو کاغذات دے دیں۔

سید اشتیاق اظہر۔یہ کہتے ہیں اڈیالہ جیل میں بھیجے گئے ہیں۔ چار کو لے گئے ہیں what has happened to him during this period? اسی لئے میں کہتا ہوں کہ یہ پریوج کمیٹی میں جائے تاکہ ہم ساری باتیں وہاں پوچھیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, we will find out, but I reiterate again that it was not a deliberate attempt.

جناب چیئرمین۔نہیں وہ صحیح ہے یعنی to the extent of the Minister,obviously

ذمہ داری تو ان پر پڑتی ہے لیکن obviously somebody mislead him کہ بھئی ایک اسلام آباد کا ڈی ایم آرڈر پاس کر رہا ہے ۔ سینٹ میں اس کے سوال کا یہ نہیں کہ off the cough, it ...so somebody is misleading ۔ was a proper notice کہ جی ہمیں کچھ پتہ ہی نہیں ہے ۔

Mian Raza Rabbani: Sir, we will find this out and we will get back to the House on Sunday.

Mr. Chairman: So on Sunday, are you going to take it up again?

کہ جی ان کو ذرا کاپیاں دے دیں۔

پروفیسر خورشید احمد۔پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین ۔

جناب چیئرمین۔جی پروفیسر صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد۔جناب والا، میں یہ بات کہنا چاہتا تھا کہ چونکہ حکومت اور حزب اختلاف کی قیادت نے سوالات کے معاملے میں اتفاق کرلیا ہے ہم سب اسے مانتے ہیں لیکن آپ یہ دیکھیئے کہ یہ ہمارے ایک حق کا denial ہے ۔ اس لئے جو معلومات آتی ہیں وہ اس لئے آتی ہیں کہ اس پر ہمیں اعتراض ہے ۔ مثال کے طور پر یہ جی ۔۶ کوارٹرز کے بارے میں جو تفصیل آئی ہے۔ یا اس سے پہلے جو آئی ہیں اس پر discussion کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں چاہوں گا کہ حکومت اور حزب اختلاف دونوں ہمارے اس حق کا بھی احترام کریں کہ ہم ان سوالات کے اوپر بحث کر سکیں ۔ گورنمنٹ کو تھوڑا سا جھنجوڑا جا سکے ۔ اور میں صاف اس پر چاہوں گا کہ آپ رول 58 کے تحت موقع دیں کہ ہم ان سوالات کے اوپر جو بہت اہم ہیں آدھا گھنٹہ بحث کر سکیں ۔۔۔

جناب چیئرمین۔نہیں وہ تو آپ کر سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد۔وہ تو ساری کارروائی آپ نے معطل کی ہوئی ہے ۔

جناب چیئرمین۔یہ ٹھیک ہے ہم نے معطل تو کی ہے۔ But the questions and answers have been placed on the table of the House. So as far as the record is concerned, they are there. تو اگر آپ 58 کا نوٹس دینا چاہیں تو اس میں کوئی ممانعت

نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ نہیں وہ تو میں دوں گا۔ لیکن میں یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ دراصل سوالات جیسے کہ وہ آتے ہیں جب تک کہ ان کے اوپر بحث نہ ہو ان کے اوپر ضمنی نہ کئے جائیں حقائق سامنے نہیں آتے۔ اور جن چیزوں کو گورنمنٹ conceal کر رہی ہے مثلاً صرف administration کے بارے میں، یعنی جو official report ہے اس میں لکھا ہوا ہے۔ کہ یہ نیوکلیئر ٹیسٹ کو بھی مانیٹر کرے گی۔ اور وزیر خارجہ یہاں کہتے ہیں کہ نہیں کرے گی۔ جبکہ فارن آفس کی رپورٹ کے اندر officially یہ چیز لکھی ہوئی ہے۔ تو اگر ہم یہاں اس پر بحث نہ کریں تو حقائق سامنے نہیں آتے۔

جناب چیئرمین، یہ چونکہ Karachi situation کی وجہ سے تھا تو I hope it will proceed to normal bussines in due course جی جناب راجہ صاحب۔

راجہ محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! آپ نے سنا ہوگا کہ پرسوں بوسنیا کا ایک بڑا شہر سربرینیکا جسے اقوام متحدہ نے سیف ایریا قرار دیا ہوا تھا یعنی وہاں کوئی آٹھ ایسے شہر تھے مسلمانوں کے جن کی حفاظت کی ذمہ داری اقوام متحدہ نے اس بناء پر اس شرط پر لی ہوئی تھی کہ وہاں کوئی اور دفاعی پوزیشن بوسنیائی حکومت اختیار نہ کرے یہ اقوام متحدہ کی ذمہ داری ہے اور وہاں ایک نام نہاد قسم کی United Nation Peace Keeping Force وہاں رکھی ہے لیکن پرسوں وہ شہر جو ہے سربوں نے حملہ کرکے اپنے قبضے میں لے لیا۔ اقوام متحدہ نے، سیکورٹی کونسل نے، نیٹو نے یا کسی اور ملک نے کوئی اس سلسلے میں کارروائی نہیں کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تقریباً" چالیس ہزار مسلمان مرد اور خواتین اور بچے یرغمالی بنانے گئے ان کو الگ الگ کیا گیا سولہ سال اور اس سے اوپر کے مردوں کو الگ کیمپوں میں رکھا گیا۔ خواتین اور بچوں کو الگ رکھا گیا۔ اور جو مرد تھے ان کو سربیا میں لے جایا جا رہا ہے۔ اور ان کے خاندان کے جو لوگ ہیں انہیں کوئی پتہ آئندہ نہیں چلے گا کہ آیا وہ زندہ ہیں یا کہاں ہیں یا نہیں ہیں۔ اور حد یہ ہے کہ آج صبح برطانیہ کے وزیر خارجہ نے بیان دیا ہے کہ وہاں ہم کسی قسم کی کارروائی کرنے کے حق میں نہیں ہیں اور ایک ہی کارروائی یہ ہوسکتی ہے کہ اقوام متحدہ کی جو فورس وہاں موجود تھی اسے واپس کیسے لایا جائے۔ اس کے علاوہ ہم کسی اور قسم کی کارروائی میں شریک نہیں ہوں گے۔ اسی

طریقہ سے امریکہ کو بھی آج ان کے فارن آفس کو یہ کہا گیا کہ آپ اس میں کوئی قدم اٹھانا چاہتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم کسی قسم کا کوئی قدم اٹھانے کے حق میں نہیں ہیں ۔ نتیجہ یہ ہے کہ جو ethnic cleaning یا butchery genoside ایک طویل عرصے سے چل رہا تھا ایک بہت بڑا المیہ ایک بار پھر ہوگیا ہے ۔ اس شہر کے بعد اور جو گورازدے کا شہر ہے اس کے اوپر بھی اب وہ حملہ آور ہوئے ہیں سرائیو کے اوپر حملہ آور ہوئے ہیں اور ایسے لگتا ہے کہ یہ کسی بین الاقوامی سازش کے تحت سارے بوسنیا کو جو ایک اقوام متحدہ کا sôvereign state member ہے اس کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے ۔ میں اس لئے یہ بات کر رہا ہوں کہ ایک تو دکھ ہے بحیثیت مسلمان کے اور دوسرا یہ ہے کہ ہماری حکومت اس contact group کی رکن ہے جو بوسنیا کے معاملے کے اوپر اقوام متحدہ اور باقی ممالک کے ساتھ رابطہ جنہوں نے قائم کرنا تھا لیکن ماسوائے فارن آفس کے اس اعلان کے کہ ہمیں افسوس ہے جو کچھ ہوا ہے اس کے علاوہ کوئی اور کارروائی نہیں کی گئی تو میں اس ایوان کے ذریعے سے اپنی حکومت سے یہ اپیل کروں گا کہ وہ ان معاملات کو اتنا آسانی سے اور اتنا lightly لے کر اپنی جو ذمہ داری ہے وہ اس سے عہدہ برا نہیں ہو سکتی انہیں چاہیے کہ فورا" اس معاملے میں کارروائی کرے ۔ اپنا جو مستقل نمائندہ ہے میرے خیال میں وہ شاید آج کل UNO میں نہیں ہے بلکہ وہ جنیوا میں آئے ہوئے ہیں ۔ تو کوئی ایسا خاص انتظام کرے کہ یہ جو لوگ ہیں جو لے جا رہے ہیں سربیا میں اور چالیس ہزار سے اوپر ان کی تعداد ہے اور ان کا خون بہہ جائے گا قتل عام ہو جائے گا ۔ اس کو روکنے کے لیے کوئی کارروائی کرے ۔

جناب چیئرمین: جی جناب رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Thank you Sir, I would like to response to the sentiments that have been expressed by the worthy Leader of the Opposition and through you Sir, I would like to assure him and the House that the Government of Pakistan has always taken a principled stand on the question of Bosnia and we have actively supported the question of Bosnia in all international forums, be it the United Nations, Human rights forum or anywhere else. We

have always taken a consistent and principled stand in this respect. We have also tried to draw the world attention to duplicity in the conscience that prevails in Western society today in reference to violation to human rights and the process of ethnic cleansing which is taking place in Bosnia. I would also like to assure this House, through you Sir, that the Government is siezed of the current situation. The Foreign Office is aware of it. And in keeping with our principles and continuous policy of support to the Bosnian people, we shall be moving in that regard.

پروفیسر خورشید احمد۔ میں بھی اس موقع پر راجہ محمد ظفرالحق صاحب کے جذبات ہی نہیں بلکہ جس بات کی طرف انہوں نے متوجہ کیا ہے اس کی تائید کروں گا بلکہ آپ کی اور حکومت کی توجہ اس طرف بھی دلاؤں گا کہ کل کے "مسلم" اخبار میں الاقصیٰ کے بارے میں ایک بڑی ہولناک رپورٹ آئی ہے جو وہاں کے "مسلم وقف" کی بنیاد پر ہے اور وہ یہ ہے کہ تقریباً" ہر روز یہ extremist group 'The Havaquam' led by a keneset member Shawlwapden کوشش کر رہے ہیں کہ to pray inside the Al-Aqsa Mosque اور ان کا مطالبہ یہ ہے کہ ہمارا یہ حق مانا جائے کہ ہم gain legal rights to pray within the confines of the 'Al-Aqsa Mosque compound. اس پر وہاں مسلسل کوشش ہو رہی ہے ۔ روزانہ clash ہو رہے ہیں اور اسرائیلی پولیس محض نام کی activity کر رہی ہے جبکہ اس بات کا پورا خطرہ ہے کہ یہ گروپ ' مسجد الاقصیٰ کو demolish کرنے کا تو بہت پہلے سے کہہ رہا ہے لیکن اب اس پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے ۔ یہ ایسا اقدام ہے جو پورے عالم اسلام کے لیے ایک چیلنج ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ پاکستان فارن آفس نے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا ۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اس قسم کے تمام معاملات کے اندر diplomatically and otherwise احتجاج کریں اور world opinion mobilise کریں ۔ اگر اسی طرح ہم سوتے رہے تو کل خدانخواستہ یہ خبر آپ کو ملے گی کہ مسجد الاقصیٰ پر یہودیوں نے قبضہ کر لیا ہے ۔

سید اشتیاق اظہر۔ مسجد الاقصیٰ جب تعمیر ہو رہی تھی تو وہاں کے یہودی باشندوں

سے باقاعدہ پوچھ لیا گیا تھا کہ اس پلاٹ پر ان کا کوئی حق تو نہیں ہے ؟ انہوں نے کہا تھا کہ ہمارا کوئی حق نہیں ہے ۔ اس کے بعد اس کی تعمیر ہوئی ۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ وہاں اسی احاطہ کے اندر مولانا محمد علی کا مزار بھی ہے ۔ ہمیں اس کا بھی خطرہ ہے کہ کہیں ان کے مزار کو بھی منہدم کرنے کی کوشش نہ کی جائے ۔ یہ دونوں معاملات ایسے ہیں کہ جن پر ہمارے فارن آفس کو پوری توجہ کے ساتھ غور کرنا چاہیئے ۔ اور ہمارے پاکستانی مسلمانوں کے جذبات سے وہاں کی حکومت کو آگاہ کرنا چاہیئے کہ اگر اس نے مسجد اقصیٰ کی کوئی بےحرمتی کی اور اس کے نواح میں واقع مولانا محمد علی کے مزار کی بے حرمتی کی تو پاکستان کے مسلمان خاموش نہیں بیٹھیں گے۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین ۔ شکریہ' جناب احسان الحق پراچہ صاحب کی طرف سے درخواست ہے کہ ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے وہ 57 ویں اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے اس اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور ہوئی)

جناب چیئرمین ۔ پروفیسر ساجد میر صاحب' ناسازی طبع کی بناء پر 58 ویں اجلاس کے دوران مورخہ دس اور گیارہ جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے' اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے' کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور ہوئی) ۔

جناب چیئرمین ۔ چوہدری شجاعت حسین صاحب بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر 58 ویں اجلاس کے دوران مورخہ 9 اور 12 جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور ہوئی)

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب والا! میں نے اس مہینے کی دو تاریخ کو ایک بڑے اہم معاملے کے بارے میں call attention notice submit کیا تھا۔ وہ ابھی تک ایجنڈے پر نہیں آیا اور جناب والا وہ نہایت ضروری بات ہے اور اس میں آخری 15 تاریخ ہے۔ آج 13 تاریخ ہے۔

جناب چیئرمین۔ کراچی کی صورتحال پر بحث کی وجہ سے یہ چیزیں نہیں آسکیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ میں عرض کرتا ہوں جناب! یہ ایک advertisement ہے جو Ministry of Social Welfare and Special Education کی طرف سے فرنٹیئر پوسٹ میں شائع ہو چکی ہے جس میں انہوں نے National Institute for handicaps کی مختلف vacancies کے لیے applications invite کی ہیں۔ اس میں age and qualificatiohns وغیرہ کا ذکر تو ہے لیکن کوٹہ کا بالکل ذکر تک نہیں کیا گیا ہے۔ اس میں ہر صوبے کے لیے اس کے کوٹہ کا ذکر ہونا چاہئے لیکن جناب والا! میرا call attention notice جو ہے اسی بات پر ہے اور اس کا ذکر نہیں ہے اور کل یہی ہو ہے جو پہلے سے محرومیاں۔۔۔ ذرا ایک منٹ جناب منسٹر صاحب ذرا ایک منٹ۔ تو وہ دوبارہ جو ہیں وہ پیدا ہو جائیں گی اور اب جو محرومیاں ابھرتی ہیں اور اس سے لوگوں میں جو frustration پیدا ہوتی ہے جناب والا! آپ سے کسی اور کو زیادہ اندازہ نہیں ہو سکتا۔

جناب چیئرمین۔ یہ کون سے محکمے کا ہے جی؟

ڈاکٹر محمد ریحان۔ یہ جی منسٹری۔۔

جناب چیئرمین۔ آپ کے محکمے کا ہے؟

ڈاکٹر محمد ریحان۔ اچھا ان کے محکمے کا ہے۔

جناب چیئرمین۔ چلیں ڈاکٹر صاحب موجود ہیں۔

ڈاکٹر محمد ریحان۔ ایک بات اس کے ساتھ میں آخری بار ذکر کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین۔ جی؟

ڈاکٹر محمد ریحان۔ جناب والا! اس میں آخری تاریخ دی گئی ہے کہ application

that ۔ جناب والا! آج 13 ہے کل 14 اور 15 کو چھٹی ہو گی be submitted by 15th July لیکن اب کئی لوگ جو ہیں will be Saturday sir, Saturday I think is still weekly holiday وہ اس سے رہ جائیں گے۔

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی۔ جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی۔ جناب والا! گزارش یہ ہے کہ یہی بات خصوصی طور پر یہ سپیشل سیٹیں چونکہ ویسے تو ہم advertisement ہے اس میں دی گئی پوسٹیں rules کے مطابق ہو Medical Officer کی BPS-17 سے لے کر 18 تک ہے اور پھر دوسری Lower Grades کی ہیں۔ اور یہ Cabinet نے special permission دی ہے Federal Public Service Commission کے چیئرمین سے بھی بات کرنے کے بعد۔ اس لیے کہ یہ مخصوص ادارہ ہے جو create ہوا ہے اور یہ take up نہیں ہو سکا۔ اس میں تمام جدید مشینری اور equipment آ چکی ہیں اور اس میں surgical arrangements ہیں تو اس حوالے سے جہاں تک ڈاکٹر ریحان صاحب فرما رہے ہیں یہ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ نے بھی اس وقت جب کیبنٹ منظور کر رہی تھی تو انہوں نے instruction مجھے دی ہیں کہ تمام صوبوں کا یہ اسلام آباد اور دوسرے attached areas جو ہیں ہمارے ان کا جو کوٹہ بنے گا you will have to look after اگر The News میں جو advertisement ہے اس میں ساری چیزیں تمام کوائف بھی درج ہیں اور کافی عرصے سے یہ ہم نے کافی وقفہ دیا ہے یہ بات ان کی درست ہے کہ 15th is saturday اور چھٹی ہے۔ لیکن یہ قریباً تین چار ہفتے اس میں وقفہ دیا گیا ہے اور میں یقین دلاتا ہوں ڈاکٹر ریحان صاحب کو یہ میرا فریضہ constitutional duty ہے اور محترمہ نے بھی اپنے طور پر حکم دیا ہے اور ان کا کہنا بجا ہے کہ اگر کوئی۔۔ میں یہاں پیش کروں گا کہ یہ سیٹیں تھیں جو کوٹہ جس صوبے کا جس ایریئے کا بنتا ہے اس لحاظ سے ہم allocate کریں گے اور recruite ہوں گے یقیناً اس میں ہم خیال رکھتے ہیں کیونکہ اب کوئی بھی recruitment ہم ایسی نہیں کر رہے جس میں رائی برابر بھی فرق آ جائے کیونکہ پہلے disproportionate رہی ہے ہماری حکومت سے پہلے جو انہوں نے خیال نہیں رکھا ہمارا فرض ہے ۔ we know it, we know our constitutional duty.

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب چیئرمین۔ اچھا thank you جی۔ جی جناب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ آپ کو یاد ہوگا کہ drugs کی availability کے سلسلے میں میں نے ایک Adjournment Motion move کی تھی اور اس پر محترم وزیر صاحب نے انکار کیا تھا کہ ایسی بات نہیں تھی کہ drugs available نہیں ہیں اور پھر یہ کہیں ہماری کمیٹی کو دیا گیا ہے تو ڈاکٹر ظفر مرزا جو network coordinator ہیں جنہوں نے یہ study کی تھی وہ مجھ سے ملے اور انہوں نے وہ پوری فہرست مجھے دی ہے کہ وہ کون کون سی drugs ہیں جو available نہیں ہیں اور جو essential drugs کی فہرست کا حصہ ہے۔ تو میں آپ کی اجازت سے اس کی copies دونوں کو وزیر صاحب کو بھی اور چیئرمین کمیٹی کو بھیج رہا ہوں تاکہ وہ اس کو examine کرلیں اور اگر جو بات انہوں نے کہی ہے رپورٹ میں وہ صحیح ہے تو پھر آپ اس کو investigate کرلیں۔

Re:alleged arbitrary in crease in the rates of X-ray

laboratory test:-

جناب چیئرمین۔ ٹھیک ہے جی۔ Adjournment Motion جی پروفیسر خورشید احمد صاحب No. 7 on the alleged arbitrary increase in the rates of X-ray laboratory test۔

پروفیسر خورشید احمد۔بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

حافظ حسین احمد۔جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب حافظ صاحب۔

حافظ حسین احمد۔ سوئی فیلڈ کے مسئلے پر جو تحریک التواء تھی جس کے متعلق اس دن کہا گیا تھا کہ جناب انور سیف اللہ صاحب موجود نہیں ہیں اور اسے out of turn لیا گیا تھا اس میں میں بھی ہوں پروفیسر صاحب بھی ہیں اور کئی ہمارے ساتھی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ مسئلے اس کا۔۔۔۔

جناب چیئرمین۔ وہ انور سیف اللہ صاحب اب بھی نظر نہیں آرہے مجھے۔۔۔

حافظ حسین احمد۔ وہ سر ابھی ابھی بیٹھے تھے۔۔۔

جناب چیئرمین۔ جی ہیں تو ان کو بلا لیں اس کے بعد وہ take up کر لیتے ہیں۔ جی جناب پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جی وہ میز پر ہیں ابھی موجود۔

جناب چیئرمین۔ اس کے بعد وہ لے لیتے ہیں۔ جی جناب پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں اس معزز ایوان کی اجازت چاہوں گا کہ مندرجہ ذیل تحریک التوا پیش کروں۔

> اخباری اطلاع کے مطابق پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز نے ایکسرے لیبارٹی معائنے کے ریٹ بڑھا دیئے ہیں۔ بعض دوسرے ٹیسٹوں کے ریٹ میں بھی سو فیصد تک کا اضافہ کیا گیا ہے جس کی وجہ سے غریب مریضوں کو گوناں گوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ہسپتال کی او پی ڈی کے نرخ بھی بڑھا دیئے گئے ہیں۔ پرائیویٹ وارڈ جہاں زیادہ تر متمول طبقے کے لوگ داخل رہتے ہیں اس کے ریٹوں میں اضافے کی رفتار بہت کم ہے جبکہ عام افراد سے جو چارجز لئے جا رہے ہیں ان میں نمایاں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ایک اہم اور فوری نوعیت کا انسانی مسئلہ ہے۔ اس لئے سینٹ کے معمول کی کارروائی روک کر اس پر ضروری بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر صاحب آپ اس کو ہینڈل کریں گے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Opposed.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میرا تو خیال تھا کہ یہ مسئلہ ایسا ہے کہ ڈاکٹر صاحب اسے اپوز نہیں کریں گے، بلکہ اس سلسلے میں کوئی وضاحتی بیان دیں گے۔ یہ روزنامہ جنگ کی اطلاع ہے اور اس پر انہوں نے اس کی پوری تفصیل دی ہے کہ کس طرح ٹیسٹ کی جو قیمتیں ہیں بیس پچیس روپے سے بڑھا کر پچاس روپے، فزیکل ٹیسٹ 75 سے بڑھا کر 150 روپے، سائیکولوجیکل ٹیسٹ 20 سے بڑھا کر 75 روپے، NFTP ٹیسٹ 75 روپے سے بڑھا کر 150 روپے،

سیزمک ٹیسٹ 20 سے بڑھا کر 60 روپے، CP بلڈ ٹیسٹ 30 روپے سے بڑھا کر 40 روپے، 8 ACR روپے سے بڑھا کر 15 روپے، Bonemeu ٹیسٹ 50 سے بڑھا کر 100 روپے، یورک ایسڈ ٹیسٹ جو کہ بہت ہی عام ہے 15 سے بڑھا کر 50 روپے، کولیسٹرل ٹیسٹ 15 سے بڑھا کر 50 روپے، 20 Identification of Blood Grouping روپے سے بڑھا کر 40 روپے۔ یعنی یہ ساری تفصیلات دی گئی ہوئی ہیں۔ تو یہ تو ایسے حقائق ہیں جن سے انکار غالباً ممکن نہیں ہے اور یہ حقیقت ہے کہ public health service حکومت کی ذمہ داری اور عام شہریوں کا حق ہے۔ آپ نے ان ہسپتالوں کو جو سرکاری پیسے سے بنی ہیں، جن کا مقصد غریبوں کی خدمت کرنا ہے۔ پرائیویٹ ہسپتال تو یہاں پر بہت موجود ہیں جو امیروں کے لئے ہیں۔ وہاں پر بھی اگر آپ روز مرہ کے ریٹ اس طریقے سے بڑھاتے رہیں گے، اور پھر ایک دو نہیں سو فیصد، ستر فیصد اور ایک سو پچاس فیصد اضافہ in one go آپ کریں گے تو یہ عوام کے لئے اگر تکلیف پیدا نہیں کرتا تو پھر یہ کیا ہے؟

جناب چیئرمین: جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ جہاں تک اس ریٹ بڑھانے کی بات ہے تو ہماری حکومت نے ایک کمیٹی مقرر کی تھی، ڈاکٹر ظفر نیازی صاحب اس کے چیئرمین تھے، ان کے ساتھ اور ممبرز تھے، انہوں نے تحقیق کی، انہوں نے غور کیا، اور چونکہ آپ کو علم ہے کہ پہلی دفعہ PIMS جو ہے وہ Statuary Body بنا، بورڈ آف گورنر قائم کئے گئے ہیں اور دوسری ساری چیزیں بنی ہیں، اور یہ سارا کچھ آرڈیننس 95 کے تحت ہوا ہے۔ اس سے پہلے اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں تھی۔ پھر allocation of funds proper نہیں تھا، look after نہیں تھی اس کے لئے، proper arrangements نہیں تھے۔ شاید آپ کے بھی علم میں ہو کہ بہت خلفشار کی صورتحال تھی۔ تو اب جب یہ کمیٹی نے detail مطالعہ کیا ساری چیزوں کا اور پھر comparative study کی گئی کہ وہ کیا flaws ہیں، فنڈز کیسے raise کرنے ہیں تا کہ یہ ایک فعال ادارے کے طور پر کام کر سکے۔ چونکہ یہ وفاقی ادارہ ہے۔ تمام صوبوں سے جو مریض آتے ہیں، ان کا یہاں پر صحیح طریقے سے علاج معالجہ کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ محسوس ہوا کہ اس کے فنڈز raise کرنے میں کمی کی ایک وجہ یہ ہے کہ جو ٹیسٹ وغیرہ اور دوسری تمام چیزیں یہاں PIMS میں ہیں، ان کے ریٹ مارکیٹ اور گورنمنٹ کے دوسرے ہسپتالوں کی نسبت بہت کم

ہیں۔ اگر ان کو at par کر دیا جائے اور صحیح معنوں میں جو مارکیٹ ہے یا جو دوسری گورنمنٹ کے ہسپتال ہیں۔ مثلاً میرے پاس ایک comparative study ہے کہ Armed Forces کے جو hospitals ہیں ' جیسے Arms Forces Institute of Pathology کی جو لیبارٹریز ہیں ' یا Comibined Military Hospitals وغیرہ کے سارے ہسپتالوں کی نسبت ان کے ریٹ بہت ہی کم تھے اور پرائیویٹ مارکیٹ کی نسبت بھی بہت زیادہ کم تھے۔ اس وجہ سے یہ اتنا بڑا ادارہ خسارے میں چل رہا تھا۔ تو اب لاچار ہو کر' مجبوراً اس کی بہتری کے لئے' اس میں کوئی شک نہیں کہ پروفیسر صاحب کے پاس جو لسٹ ہے وہ بہت قلیل ہے' آئٹم بہت زیادہ ہیں اور اس کی کچھ وجوہات ہیں۔ کافی عرصہ گزرنے کے بعد جیسے دوسری چیزوں کے ریٹ بڑھتے رہے ہیں۔ آپ مارکیٹ میں جائیں جو کوئی آئٹم بھی آپ لیں' اس کا جو ریٹ چار پانچ سال پہلے تھا وہ آج نہیں ہے' اس میں بہت فرق آ چکا ہے۔اسی طریقہ کار سے X-Ray film سے لے کر benedict solution تک اور جو بھی سٹینگ ان کے ریٹس ویسے basically بڑھے ہیں اور ان چیزوں کے بھی جیسے امگسرے فلم جو ایک زمانے میں دس روپے میں آتی تھی اب وہ پچاس ساٹھ روپے میں آتی ہے۔اس پر solutions بھی درکار ہیں اس کے لیبارٹری کے دوسرے کیمیکل بھی درکار ہیں۔ تو اس لئے یقیناً average جو ہے 30%, 40% لیبارٹری ٹیسٹ وغیرہ پر بڑھایا گیا ہے۔ اور کہیں پر کسی آئٹم میں یہ محسوس ہوگا کہ یہ 100% above بھی بڑھا ہے۔ اور میرے پاس لسٹ ہے تمام شعبوں کی جو لیبارٹری ٹیسٹ ہے ان کے ریٹس بڑھائے گئے ہیں تو یہ ایک مجبوری تھی۔ اس کو روکا نہیں جا سکتا تھا اگر پروفیسر صاحب آج میرے ساتھ چلنا پسند فرمائیں تو PIMS کی پوزیشن پہلے سے کہیں بہتر ہے۔ ان کو مایوسی نہیں ہوگی کہ فلاں چیز ہمارے پاس نہیں ہے یا ہم اس کا arrangement نہیں کر سکتے۔ اگر ہم اس کو نہیں بڑھائیں تو یہ ادارہ نہیں چل سکتا اور at par لانے کے لئے اب بھی دوسرے جو کمبائنڈ ملٹری ہسپتال ہے یا آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف پیتھالوجی ہے اس کے برابر نہیں کم ریٹس ہیں۔ یا مارکیٹ پروفیسر صاحب کسی ہسپتال میں چلے جائیں جو پرائیویٹ لیبارٹریز ہیں جو سٹینڈرڈ کی ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ sub standard جو لیبارٹریز ہیں' وہاں پر تو ٹیسٹ ہوتا ہی نہیں وہ تو ویسے ہی رزلٹ دے دیتے ہیں اور حیران کن بات ہے میں اپنی بات کرتا ہوں کہ I visited a Hospital میں نے پیشاب ٹیسٹ کروانا تھا اور پیشاب کی بوتل ابھی وہیں رکھی تھی اور کہتے ہیں کہ ٹیسٹ ہو گیا ہے۔ میں نے کہا کہ یار جو میں نے دیا

ہے وہ تو ابھی پڑا ہے۔ یہ کیسے فیسٹ ہو گیا ہے۔ How have you brought the result اور اسی طریقے سے میں نے جب ایک اور رزلٹ دیکھا تو some body was given that he has got some trouble in kidney and he is going to die. He was my real cousin' میں نے اس کے منہ میں دیکھا تو they brought to me in Nisstar میں نے کہا کہ He is not sick وہ کہنے لگے کہ جناب رزلٹ میں تو ہے کہ He is gone اس کے گردے ہی ختم ہیں میں نے جب وہ رپورٹیں دیکھیں تو میں نے کہا خدا معاف رکھے ہمیں کہ یہ تو غلام فاطمہ کی رپورٹیں ہیں اور حفیظ اللہ کو دے دی گئیں۔ اب بات یہ ہے کہ ہم نے یہ چیزیں درست کرنی ہیں ہمیں ترسی بھی ہوگی تکلیف بھی ہوگی۔ مصائب تو اٹھانے پڑیں گے لیکن ہمیں ان چیزوں کا بندوبست کرنا ہوگا۔ یہ مجبوریاں ہیں۔ اگر غیراتی طور پر چلتے رہے تو پھر فیسٹ نہیں ہونگے ایسی رپورٹیں ہونگی کہ غلام فاطمہ کی حفیظ اللہ کو اور میرا پیشاب وہیں رکھا اور اس کا رزلٹ آگیا ہے۔

جناب چیئرمین، جی پروفیسر صاحب اب تو انہوں نے جو تفصیل دی ہے۔

پروفیسر خورشید احمد، میں بڑا ممنون ہوں ڈاکٹر صاحب کا کہ انہوں نے میری اس تحریک پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ قانونی، فنی، حتی کہ ٹیکنیکل بھی نہیں کیا۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ ہاں قیمتیں بڑھائی گئی ہیں جس کے معنی یہ ہیں کہ factually جو بات میں نے کہی ہے وہ صحیح ہے۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ افراد کی صحت کا مسئلہ ایک بنیادی اہمیت کا مسئلہ ہے اور حکومت کی ذمہ داری ہے حکومت کی concern ہے انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ حالات ان اداروں کے اندر خراب رہے ہیں۔ ٹھیک ہے جن چیزوں کا سہارا انہوں نے لیا ہے اس کی طرف میں ابھی آتا ہوں لیکن جو بنیادی فریم ورک ہے ایک ایڈجرنمنٹ موشن کا اس پر انہوں نے کوئی اعتراض نہیں اٹھایا کہ admissible نہیں ہونی چاہئے۔ اب جو کچھ انہوں نے کہا ہے وہ کیا ہے انہوں نے یہ کہا ہے کہ PIMS کے حالات پہلے بہت خراب تھے ہم اس کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میری قرارداد کا یہ موضوع نہیں ہے۔ اس پر ہم بحث کر سکتے ہیں مجھے بھی علم ہے کہ کچھ معاملات میں PIMS کے حالات بہتر ہو رہے ہیں لیکن یہ بھی مجھے علم ہے کہ کچھ حالات خراب بھی ہوئے ہیں۔ جو نیا out let آپ لائے ہیں اس میں آپ نے اس بات کی کوشش کی ہے کہ وہاں پر اپنے political nominees اوپر سے آپ impose کریں اور جو اس کا

سٹرکچر تھا اسے آپ نے تباہ کر دیا ہے۔ تو وہ اس وقت زیر بحث نہیں ہے اس لئے وہ irrelevant ہے۔ دوسری بات انہوں نے یہ کہی ہے کہ mismangement میں نے ---------

جناب چیئرمین، نہیں بنیادی بات وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ فنانسز کی ضرورت ہے۔

پروفیسر خورشید احمد، میں اس کی طرف آرہا ہوں۔

جناب چیئرمین، اس کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ اور ہم نے ایک at par رکھنے کی کوشش کی ہے with others اور یہ ایک phenomenon ہے کہ قیمتیں بڑھتی رہتی ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد، دیکھئے بنیادی بات یہ ہے کہ آیا PIMS ایک کمرشل ادارہ ہے آیا ہیلتھ سروسز جو ہیں وہ مارکیٹ ویلیو کی بنیاد پر نہیں یا ہیلتھ سروسز جو ہیں یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ جنرل بجٹ سے یا social development کے بجٹ سے ان کو finance کرے آخر دنیا میں دوسرے مقامات پر بھی ادارے چل رہے ہیں۔ سرکاری support پر چل رہے ہیں efficiently چل رہے ہیں' اور بڑی عمدہ سروسز دے رہے ہیں اور ہمارے اپنے ملک میں اسے جی ہے اور الخدمت ویلفیئر ہے یہ ادارے حکومت سے کوئی پیسہ لئے بغیر یا مریض سے لئے بغیر ان کو اچھی سروس دے رہے ہیں تو سوال یہ ہے کہ حکومت کے یہ ادارے صحیح طرح سے کام کیوں نہیں کر سکتے کیا برطانیہ میں - پوری ہیلتھ سروس سرکاری بجٹ پر نہیں چل رہی ہے اور کیا وہ inefficient ہے اور کیا وہ corrupt ہے' کیا وہاں لوگوں کو چیزیں نہیں ملتی ہیں۔ اور کیا وہاں قیمتیں نہیں بڑھی ہیں پھر آپ کہتے ہیں کہ ملک میں inflation rate بڑھا ہے صرف officially اگر آپ مانیں تو پھر effecient ہے لیکن وہاں آپ قیمتیں بڑھا رہے ہیں سو. فیصدی اور ایک سو پچاس فیصدی۔

جناب چیئرمین - دیکھیں جی یہ جو مسئلہ ہے کہ جی کمرشل ہے اور کمرشل نہیں ہے یہ تو پالیسی ایشوز ہوگئے ناں تو as adjournment motion اس کو آپ کمیٹی میں discuss کرلیں لیکن as a adjournment motion, he is saying کہ جی گورنمنٹ کی یہ مجبوریاں تھیں we had to raise to financial som how اور ہم نے اب بھی عالم ریٹ سے کم رکھا ہے۔

جناب پروفیسر خورشید احمد - جناب چیئرمین جو گورنمنٹ سروس اور غریبوں کی مدد کرنے کے دعوے سے وجود میں آئی ہے اگر وہ گورنمنٹ غریبوں کے لیئے سو فیصدی اور دو سو

فیصدی فیس بڑھا رہی ہے تو یہ سراسر ایک ظلم ہے اور ہمارا فرض ہے کہ اس مسئلے کو اٹھائیں۔ اگر ایسی situation ہے کہ آپ اس مسئلے کو کمیٹی کو دینا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین - اس پر لمبی بحث نہیں کرنی جی۔ تو

So in the light of the satatement of the honourable Minister that this is a natural phenomenon increase in price and since larger issues have been raised which are policy issues is not affect motion to be admitted as an adjournment motion it may be taken up by the appropriat Committee

جی جناب حافظ صاحب آپ کا وہ جو ہے سوئی گیس والا معاملہ۔ایک منٹ جی باقی دو میں dispose of کر دوں فضل آغا صاحب غیر حاضر ہیں اور شہزاد گل صاحب غیر حاضر ہیں۔جی؟ جی next ہے وہی والا جی سوئی گیس والا۔

(i) Re: Curfew in the Sui Gas field.

جناب حافظ حسین احمد - جی ہاں - میں تحریک کرتا ہوں کہ درج ذیل اہم مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے روزنامہ زمانہ کوئٹہ ،جنگ کوئٹہ ،مشرق ،اور انتخاب کے مطابق سوئی گیس فیلڈ کو FC کے حوالے کردیا گیا ہے اور پورے علاقے میں غیر اعلانیہ کرفیو لگا دیا گیا ہے جس کے خلاف مقامی طور پر عوام اور انجمن تاجران اور قبائلی معتبرین نے تین دن کے لئے ہڑتال اور احتجاج کا پروگرام بنا یا ہے - یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے جاری کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین - یہ پہلے بھی آ گیا تھا جی؟ آپ کی وجہ سے۔

This is by Hafiz Hussain Ahmed ,Professor Khurshid Ahmed, Mir Nabi Bukhsh Doomki sahib Syed Muhammad Fazal Agha sahib and M.Zafar sahib

ان سب کی جانب سے ہے۔اور وزیر صاحب کے بیان کی وجہ سے یہ معاملہ التواء میں پڑا ہوا ہے۔ جی جناب؟

جناب حافظ حسین احمد -سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے جی کہ سوئی گیس فیلڈ کا مسئلہ ہر چھ ماہ بعد ہر تین ماہ بعد اس قسم کے حالات پیدا ہوتے ہیں کہ وہاں امن و امان کا مسئلہ پیدا

ہوتا ہے فرنٹیئر کو ر کو بلایا جاتا ہےاور دوسری فورسز کو استعمال کیا جاتا ہے بلوچستان کا پورا صوبہ ویسے بھی حساس ہے سوئی گیس جہاں سے نکلتی ہے وہ علاقے زیادہ حساس ہیں اور قبائلی علاقے ہیں یہ گیس ایک نعمت خداوندی ہے جو اللہ تعالیٰ نے صوبہ بلوچستان کے عوام کو دی ہے اور اب 45 سال ہونے کو ہیں لیکن یہ نعمت ہمیں تو میسر نہیں ہے جی ۔ بلوچستان کے علاقوں میں سوئی گیس موجود نہیں ہے زیارت میں نہیں ہے ژوب میں نہیں ہے' لورالائی میں نہیں ہے' مکران میں نہیں ہے' تربت میں نہیں ہے' گوادر میں نہیں ہے۔

جناب چیئرمین ۔ جہانگیر بد ر صاحب آپ کی آواز اتنی اونچی ہے کہ آپ اگر whisper بھی کرتے ہیں تو سارے سنتے ہیں ۔چونکہ آپ کی آواز کچھ اونچی ہے ویسے تو آپ خاموشی سے بات کرتے ہیں تو سارا ہاؤس سنتا ہے تو مہربانی کر کے ذرا تھوڑا سا ... جی جناب حافظ صاحب ۔ یہ بھی وزیر رہے ہیں اس لئے وہ شاید ۔

حافظ حسین احمد ۔ بس جی وہ یاد آگئے وہ پرانا ماضی یاد آگیا ان کو کہ کاش میں آگے ہوتا اور انور سیف اللہ صاحب پیچھے ہوتے ۔ جناب چیئرمین میں گزارش کررہا تھا کہ ان تمام اضلاع میں سے یعنی 22 اضلاع میں سے ۲۰ ' ۲۱ اضلاع میں اس وقت تک گیس موجود نہیں ہے۔ ظاہر ہے اس کا ایک رد عمل ہو گا ۔ سیاسی طور پر ہو گا' قبائلی سطح پر بھی اس کا رد عمل ہوگا اور بار بار اس قسم کے مسائل کے بارے میں میں یہ گزارش کروں گا کہ اس ایشو کو admit موشن کیا جائے اور اس پر باقاعدہ بحث کی جائے ۔ پچھلی دو دفعہ بھی میں نے پیش کی تھی لیکن ایک دفعہ انور سیف اللہ صاحب کہیں باہر تشریف لے گئے تھے ۔ جناب چیئرمین صاحب۔ جہاں تک تازہ واقعہ کا تعلق ہے ۔ یہ ایک ایسا مسئلہ تھا کہ قمر الدین نامی جو ایک ملازم تھا اس کو اور دیگر اس کے چار ساتھیوں کو اغوا کیا گیا تھا اور اغوا کنندگان نے وہاں پر ایک خط بھی رکھا تھا اور اس میں بھی یہی مطالبہ کیا گیا تھا کہ یہاں سے سوئی گیس نکلتا ہے ۔ہماری زمینیں ہیں لیکن ہمیں ملازمتیں نہیں مل رہی ہیں ۔ اس لئے اس کے خلاف یہ تھا کہ حکمت عملی یہ کی جاتی کہ وہاں کے سیاسی اور قبائلی عمائدین کو بٹھایا جاتا اور اس سلسلے میں انعام وتقسیم کے ذریعے سے ان کو بازیاب کیا جاتا لیکن ہوا یہ کہ یہاں پر چونکہ نصیراللہ بابر صاحب کے ذمے بہت سے ایسے کام ہیں جو ان کی ذمہ داری نہیں ہے تو یہاں پر معلوم نہیں کس نے آرڈر دے

دینے اور فوری طور پر پورے علاقے کو F.C کے حوالے کیا گیا ۔ جناب چیئرمین! لیکن کام نہیں بن سکا ۔ ہڑتال ہوئی لوگوں نے جنریٹر، بند کر دیئے ۔ سوئی لائن پائپ کو کاٹنے کی کوشش کی گئی بند کرنے کی کوشش کی گئی لیکن آخر کار وہاں کے قبائلی عمائدین ' سیاسی رہنما معززین کو بٹھا کر ان افراد کو بازیاب کیا گیا۔ جناب چیئرمین !ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر سوئی گیس کے اس ادارے میں انصاف کیا جائے تو کم از کم چالیس ہزار ملازمین بلوچستان سے لئے جا سکتے ہیں اور وہاں کے عوام صرف ڈیرا بگٹی ہی نہیں بلکہ پورے بلوچستان کے عوام کسی حد تک مطمئن ہو سکتے ہیں لیکن جناب چیئرمین ! ہم یہاں ہر روز سوال دیتے ہیں ' تحریک پیش کرتے ہیں اور چیختے چلاتے ہیں کہ جو کوٹہ ہے ۔ اس پر بھی آج تک عمل درآمد نہیں ہو سکا۔ اگر لوگوں کو ملازمتیں نہیں ملیں گی تو جناب ایک نفسیاتی بات ہے ۔ جناب اگر ہمارے کسی بھائی کو جو پنجاب میں رہتا ہو ' سیالکوٹ کا ہو ' لاہور کا ہو کسی اور علاقے سے یا سندھ کے کسی علاقے سے آپ اسے بلوچستان بھیجیں گے تو وہ پہاڑوں کو دیکھ کر ہی خوف زدہ ہوگا اور پھر اگر آپ اسے سوئی گیس کے علاقے میں بھیجیں گے ' سوئی کے علاقے میں ' لونی کے علاقے میں بھیجیں گے ' پیرکوہ کے علاقے میں بھیجیں گے تو وہاں لوگ دن کو ڈرتے ہیں اور بڑے پریشان ہوتے ہیں ۔ اس لئے اگر کمپنیاں اپنی کارکردگی کو بڑھانا چاہتی ہیں اور اس قسم کے واقعات کا سدباب چاہتی ہیں تو جناب چیئرمین ! ان کو چاہئیے کہ مقامی لوگوں کو وہاں بھرتی کریں ۔ صرف بگٹی قبیلے سے نہیں وہاں کے دیگر جو قبائل ہیں اور tribe ہیں ان کے لوگوں کو وہاں بھرتی کریں ۔ یہ نہیں کہ آپ ان کو قلی کی پوسٹ پر رکھیں گے ۔ آپ وہاں پر ڈائریکٹر، منیجر اور انجینئر وہاں کے مقامی لوگوں کو بھرتی کریں گے تو مقامی لوگ وہاں کے سیاسی رسم و رواج کو ،سیاسی صورت حال کو اور سیاسی ماحول کو سمجھیں گے ۔ اس قسم کے واقعات دوبارہ نہیں ہوں گے اور یقیناً کسی کو یہ طاقت نہیں ہوگی کہ کسی اور مقامی قبیلے کے کسی فرد کو اس طرح اغوا کرے اور یہی ہوا کہ جس قبیلے کے فرد کو اغوا کیا گیا تھا ۔ اس قبیلے کے افراد دوسرے قبیلے کے افراد کے پاس گئے اور دوسرے ہی دن ان کو رہا کروایا لیکن اگر اس کے لئے صبر کیا جاتا اور وہاں F.C کو استعمال نہ کیا جاتا ' وہاں پر غیر آئینی طور پر کرفیو نہ لگا دیا جاتا تو جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ حالات خراب نہ ہوتے تو ہماری یہ دست بستہ گزارش یہ ہے کہ وزیر صاحب اس کو admit کریں اور اس پر ہم سیرحاصل بحث کریں اور اس کے لئے پارلیمنٹ کی جانب سے کمیٹی ہو تاکہ آئندہ کے

لئے اس قسم کے واقعات کا سدباب ہو سکے ۔ شکریہ جی۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ۔ جی جناب پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد ۔ جناب میں نے کوئی گزارشات پیش نہیں کی تھیں صرف میں نے اس کو introduce کر دیا تھا ۔ میں حافظ صاحب کی پوری طرح تائید کرتے ہوئے اور ان کے پوائنٹس کو نہیں دہراؤں گا صرف یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ آیا ہم اپنے ملک کے معاشی مسائل کو ' انتظامی مسائل کو امن کے ساتھ ' سیاسی انداز میں ' انتظامی انداز میں حل کرتے ہیں یا ڈنڈے کے ذریعے سے یا حکومت کے ذریعے سے حل کرتے ہیں ۔ یہ بنیادی ایشو ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے میں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے جلدبازی سے کام لیا ہے ۔ قوت استعمال کی اور اس سے ایک معمولی سا واقعہ بڑھ کر ایسی صورت حال پیدا ہوگئی کہ اگر اس میں بر وقت مداخلت نہ ہوتی تو وہ بڑا serious مسئلہ بن سکتا تھا ۔ سوئی کے لئے بھی اور law and order کے لئے بھی تو اس بناء پر یہ بنیادی ایشو ہیں اور ادھر ادھر کی باتیں بہت ساری ہیں جو کہ کہی جا سکتی ہیں کہ انتظامیہ میں یہ خرابی ہے اور لوگوں میں یہ خرابی ہے لیکن بنیادی ایشوز یہ ہیں کہ جس کی طرف حافظ صاحب نے متوجہ کیا ہے اور وہ یہ ہے priority, precedence ایسے تمام مقامات پر لوکل افراد کو ملنا چاہیئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حق و انصاف کے مطابق ہے ۔ بلا شبہ میرٹ پر compromise نہیں کرنا چاہیئے لیکن میرٹ میں بھی پہلا حق وہاں کے مقامی لوگوں کا ہو اور اگر وہ available نہ ہوں تو پھر آس پاس کے دوسرے لوگوں کو لینا چاہیئے ۔ تو اگر ان چیزوں کو طے کر دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ صرف سوئی کے معاملات نہیں بلکہ دوسرے بہت سے معاملات بھی حل ہو جائیں گے ۔

آخری چیز یہ ہے کہ جس طرح اس معاملے کو politicise کیا گیا اور ہمارے بڑے ہی قابل احترام سیاسی شخصیات کو drag in کرنے کی کوشش کی گئی ۔ یہ بڑا غلط رویہ ہے ۔ یہ کبھی نہیں ہونا چاہیئے ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین ، شکریہ جی ۔ جی جناب گچکی صاحب ۔

جناب منظور احمد گچکی ، جناب والا ' میں اس کا موور تو نہیں ہوں لیکن میں آپ کو تھوڑا سا اس کی background کی طرف لے جانا چاہتا ہوں ۔ یہ مستقل آپ کے بھی

علم میں ہے اور ویسے بھی شروع سے FC کا ایک عجیب سا رول ہے بلوچستان کے اندر۔ FC کا جو رول ہے ' وہ ایسا ہے کہ اس نے اس علاقے پر قبضہ کیا ہوا ہے اور جب بھی چاہے ' جس وقت بھی چاہے وہ کسی جگہ پر پہنچ جاتا ہے صوبائی حکومت سے پوچھے بغیر ۔ حالانکہ اس کی جو jurisdiction ہے وہ یہ ہے کہ بارڈر ایریا تک محدود ہے اور ۲۰ میل تک اس کو preventive کی اجازت ہے کسٹم ایکٹ کے تحت ۔ اس کے بعد یہاں تک کہ وہ picketing کے لئے بھی جب تک صوبائی حکومت کا ایک مجسٹریٹ ساتھ نہ ہو ' وہ picketing بھی نہیں کر سکتا ہے کسی جگہ پر لیکن بلوچستان میں یہ دیکھا گیا ہے کہ جس وقت بھی ' جب بھی حالات کو خراب کرنا ہو ' وہاں پر FC کو بھیج دیا جاتا ہے ۔ مجھے معلوم نہیں کہ اس کو کون بھیج دیتا ہے ۔ ہمارے جنرل صاحب بھیج دیتے ہیں یا دوسرے فورسز بھیج دیتے ہیں ۔

جناب چیئرمین ، ہو سکتا ہے کہ request ہوتی ہو اور پھر بھیج دیتے ہوں ۔

جناب منظور احمد گچکی ، نہیں ' سر جب صوبائی حکومت سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہماری طرف سے کوئی request نہیں ہے ۔ یہ خود کرتے ہیں ایسے اور انہوں نے لوگوں کو بے زار کر دیا ہے اور ان کی زندگی اجیرن کر دی ہے کوسٹ گارڈ اور FC نے ۔ میری گزارش ہے حکومت سے اور وزیر داخلہ سے بھی کہ وہ خدا کے لئے اسے اس مقام پر رکھیں جہاں پر ان کو ہونا چاہیئے ۔

دوسری بات جناب والا ' یہ ہے کہ یقیناً بلوچستان کے لوگ اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ پاکستان کے تمام ڈویژنوں اور محکموں میں ان کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ اگر ہے تو بے معنی نمائندگی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جن علاقوں ' سنڈک پراجیکٹ ہو' PPL ہو یا OGDC ہو' مختلف ادارے ہیں وہاں پر ان کی نمائندگی نہیں ہے ۔ جب نہیں ہے تو وہ تو یہ کریں گے۔ یعنی اگر ہم اپنے لئے کہیں کہ جی ہمیں نوکریاں دے دو ' تو آپ FC بھیج دیں ۔ یہ تو عجیب سا مسئلہ ہے ۔ میری گزارش یہ ہے کہ حکومت ہر وقت جب بھی ہم بات کرتے ہیں تو یہاں پر وہ ہمیں assurance دیتے ہیں کہ اب ہم یہ کریں گے ۔ اب تو ہم یہ compensate کریں گے یعنی مستقل ہمیں یہ assurance دیا جاتا ہے لیکن مجھے یاد نہیں ہے کہ کسی بھی حکومت نے اپنے ان assurances کو respect کیا ہو ۔ انہوں نے کبھی بھی نہیں کیا ہے۔ یہ bluffing

کب تک ہمارے ساتھ ہوتا رہے گا ؟ یہ cheating ہمارے ساتھ کب تک ہوتا رہے گا؟ یہ ہم کب تک برداشت کرتے رہیں گے کہ ہم یتیموں کی طرح ان کے سامنے جائیں اور ہاتھ پھیلائیں کے لئے ہمیں دے دو ؟ یہ ہمارا حق ہے ۔ ہم ان کے کوئی غلام تو نہیں ہیں ۔ ہم ان کے نوکر تو نہیں ہیں کہ وہ جب بھی چاہیں ہمیں بخش دیں اور جب بھی چاہیں ہمیں دھکا دے دیں ۔ میں آپ کے ذریعے ' منسٹر صاحبان اور حکومت سے گزارش کرتا ہوں کہ خدا کے لئے لوگوں کو اس حد تک نہ دھکیلیں کہ جس کا انجام خراب ہو ۔ شکریہ جی ۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی ۔ ڈومکی صاحب ' آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟

میر نبی بخش ڈومکی: جناب والا ' سوئی میں ایسا سماں ہے کہ چاروں طرف فوجیں گشت کر رہی ہیں ۔ بڑی گنیں فٹ ہیں اور سوئی میں جو راستے آتے ہیں وہاں رکاوٹیں کھڑی کرکے تلاشیاں ہو رہی ہیں ۔ بے عزت کیا جا رہا ہے لوگوں کو ۔ لوگوں میں خوف و ہراس ہے ۔

جناب چیئرمین: جی جناب ظفر صاحب ' آپ بھی کہنا چاہتے ہیں ۔ آپ اس میں موور ہیں ؟ اگر آپ مزید کچھ add کرنا چاہتے ہیں تو ضرور بات کریں کیونکہ بلوچستان کا مسئلہ ہے ' اس لئے آپ فرمائیں ۔ جی بشیر ترین صاحب ۔

جناب بشیر احمد خان ترین: جناب چیئرمین صاحب یہ جو سوئی گیس کا مسئلہ ہے یہ ایک نہیں دو مخالف باتیں ہیں ' ایک سوئی گیس فیلڈ کا ہے دوسرا قمردین جو وہاں کا معزز آدمی ہے بلکہ وہاں کے محکمے PPL میں ملازم بھی ہے ' اس کے اغوا سے متعلق ہے ۔ میں وہیں پر موجود تھا جب یہ معاملہ چلا ' میرے خیال میں منسٹر صاحب مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ اگر اس پر جلد از جلد وہاں پر کوئی کمیٹی نہ ہوئی اور اس کی صحیح طور پر چھان بین نہ کی گئی ' کیونکہ اس میں بہت سے الزامات لگائے گئے ہیں ' میں اس کو کراچی کے حوالے سے نہیں کہوں گا بلکہ میں یہ کہوں گا کہ خدا نہ کرے اتنی بڑی آفت آئے گی کہ ہم سب اس زندگی سے بیزار ہو جائیں گے ۔ جناب چیئرمین! صاحب میں صرف اتنا کہوں گا کہ جناب منسٹر صاحب ہم سے بہتر جانتے ہیں وہ جتنا بھی ہو سکیں اس معاملے پر ٹھنڈے دل سے اپنی سوچ کی مطابق بیان دیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی ۔ جی ظفر صاحب۔

Mr. Zafar Mahmood: Thank you Mr. Chairman. Sir, why this

notice related to different events. One is what happened on the Sui Gas field and the other is the event which has taken place in Loti Gas field. In the Sui Gas field one wadera Qamar Din Khulber Bugti, who is not only an honourable person in his tribe but was also a senior employee of the PPL, he was arrested. His workers thrown their tool. which resulted in this the Federal Government probably Sir, ordered the FC, B&R, district police and levies to surround the city and it was unannounced curfew. The second thing was that two persons who were at Loti Gas field, they were abducted and were recovered through their tribal elders. It was for this purpose that the notice was brought and certain baseless allegations were made against Nawab Akbar Bugti, that he had been receiving money from the pay of the tribesmen. Sir, this is a matter of record the allegation was that he had been receiving money which was the salary of the employees of Sui Gas field and the other at Loti. It is a matter of record that the payment is made to the employees directly, it is not made through Nawab Sahib. As Professor Sahib has said, if the people are given their due rights in employmentthen the number of people who would be employed from Baluchistan according to the rights in the Constitution would be over 40,000 persons which means more or less all the educated people of Baluchistan would have been employed. And mostof them would be employed in these fields. And at the moment Nawab Sahib has been successful in getting the jobs for his tribesmen and if he has been able to get for his tribemen, is that a crime Sir? As was stated that this is what he is doing. What he is doing is that he is getting employment for his people and getting the employment for his people will not make him a blackmailer, in any sense. And sincethose remarks have been expunged. now the other thing which remains is the otherallegation which has been made that requires a deep examination and I would request the House to

have this matter referred to the Committee. Thank you ------

جناب چیئرمین۔ اس مسئلے پر جی جی فرمائیے۔

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی۔ صوبہ اور مرکز میں یہ تلخی اس لئے پیدا ہوتی ہے کہ ہم شرعی نقطہ نگاہ سے مسئلے کو نہیں دیکھتے۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جس area سے کان اس قسم کی نکلے اس علاقے کو پانچواں حصہ ملنا چاہئیے۔ یہ ہے کہ وہاں پر صرف سرکار کا حق نہیں۔ یہ سوئی گیس صرف ایک کنواں نہیں ہے بلکہ علاقے میں پھیلی ہوئی ہے یہ ان کو وہاں پر حصہ ملنے کا حق ہے تلخی پیدا نہ ہو اس انداز میں حکومت بھی شفقت فرمائے اور غریبوں مسکینوں کو بھی دے حق صرف علاقے کے سردار کو نہ دے دوسروں کا بھی حق ہے اس میں اس انداز میں اگر مسئلے کو دیکھا جائے تو تلخی ختم ہو جائے گی۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس علاقے میں یہ کان نکلے سونا ہے یا تانبہ ہے نکلے اس علاقے کے لوگوں ملنا چاہئیے۔

جناب چیئرمین۔ یعنی اس علاقے کے لوگوں کو ایک بٹا پانچ ملنا چاہئیے۔ جی جناب منسٹر صاحب۔

جناب انور سیف اللہ۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں معافی چاہتا ہوں کہ کل اور پرسوں میں موجود نہیں تھا اور اس وقت اس مسئلے پر بحث نہیں ہو سکی۔ میں اس کو oppose نہیں کروں گا لیکن عرض میں یہ کروں گا کہ میں تھوڑی سی وضاحت کر لوں۔ اگر یہ ہاؤس چاہے ایک suggestion دے دوں گا اگر اس پر ہم عمل کریں تو یہ بہت ہی جو اہم مسئلہ ہے پورے پاکستان کے لئے اس کا مستقل حل ہم بیٹھ کر نکال سکیں۔ جناب یہ صحیح ہے بلوچستان کو ماضی میں اپنے حقوق نہیں دیئے گئے یا نہیں ملے۔ ان کو ملازمتیں جو ان کے کوٹے کے مطابق تھیں وہ نہیں ملیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو ہو گیا ہے وہ تو ہو گیا ہے۔ اب جب آگے ہم بڑھے ہیں تو ہمیں چاہئیے کہ جو past کی mistakes ہیں ان کو ہم نہ دھرائیں نہ repeat کریں۔ اس وقت عرض یہ ہے کہ بلوچستان کی جو واحد income ہے وہ یہی گیس ہے۔ چند سال پہلے بلوچستان کا حصہ پورے پاکستان کی گیس کا 62% تھا۔ اب وہ 47% ہوگیا ہے۔ اس کی وجوہات ہمارے ممبران کے علم میں بھی ہیں۔ آپ کے علم میں بھی ہے جناب آپ نے

جناب فتح محمد خان۔ ٹھیک ہے جی۔ کراچی کے سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ جہاں تک بولنے کا تعلق ہے تو پہلے جو ہمارے عام سپیکرز ہوتے ہیں ان کو موقع دیا جائے تا کہ جو ہمارے لیڈرز ہیں یا جو اچھے بولنے والے ہیں وہ بعد میں بولیں اور ہم سے کچھ سنیں ' یہ نہیں ہے کہ ہم یہاں پر اس لئے آتے ہیں کہ یہ کوئی کلاس روم ہے ' یہاں پر ہم گرامر پڑھانے آتے ہیں ہو سکتی ہے ہماری گرامر میں کوئی غلطی ہو' یا کوئی مذکر مونث کی بات غلط ہوجائے یا کوئی اور بات غلط ہو ۔ بہرحال ہمارا مطلب یہ ہوتا ہے کہ باقی جتنے ہیں وہ ہمارا مطلب سمجھ سکیں۔ تو میرا خیال ہے کہ ہر ایک اپنا مطلب سمجھا سکتا ہے ' اگر ہمیں پہلے موقع دیا جائے' اب اگر مثال کے طور ہمارے عبدالرحیم خان مندوخیل ہیں اگر یہ تقریر کر لیں تو ہمارے پختونوں یا ہمارے لوگوں کے جو مسائل ہوتے ہیں وہ یہ پہلے کر لیتے ہیں اس کے بعد ہمارے لئے کوئی گنجائش نہیں رہتی ' اسی طرح اجمل خٹک ہیں اگر وہ بات کریں ' اسی طرح حافظ حسین احمد ہیں وہ بھی ایک پارٹی کے لیڈر ہیں اگر وہ بات کریں' ہمیشہ دنیا میں طریقہ یہ رہا ہے کہ پہلے عام آدمی جو ہوتے ہیں وہ بات کرتے ہیں اور بعد میں لیڈر ان کی روشنی میں اگر صحیح بات ہو تو قبول کرتے ہیں اور غلط ہو تو مسترد کر دیتے ہیں۔ تو اس طریقہ سے باتیں ہوتی ہیں لیکن یہاں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لیڈر صاحبان

اپنی اپنی باتیں کر کے نکل جاتے ہیں اور کہ باقیوں کو رہنے دیتے ہیں ' پھر نہ کوئی وزیر ان کی بات سنتا ہے اور نہ کوئی مہر اور نہ کوئی ضرورت ہوتی ہے۔ میری عرض پہلے یہی تھی۔

دوسرے اب میں کراچی کے مسئلہ پر آ جاتا ہوں ' کراچی کا جو مسئلہ ہے اس پر پہلے ہم سب کو مل بیٹھ کر ایک واضح طریقہ کار وضع کرنا چاہیئے ' کیا ہم اس ملک کے ٹکڑے کرنا چاہتے ہیں وہ زیادہ بہتر رہے گا ؟ دہشت گردی اور تعدد کرنا چاہیئے وہ زیادہ بہتر رہے گا ؟ یا پھر جس کی مرضی ہو قانون اپنے ہاتھ میں لے وہ زیادہ بہتر رہے گا ؟ یا جو غنڈہ گردی کرے یا قتل وغارت کرے ' وہ اچھا رہے گا ؟ ہر علاقے پر جس کا قبضہ ہو سکے ' وہ اپنا قبضہ جمائے وہ اچھا رہے گا ؟ یا اس ملک میں قانون کی بالا دستی ہو ' آئین کی بالا دستی ہو ' حکومت کی بالا دستی ہو ' اور forces جو ہیں باقی تمام forces ختم کر کے حکومت کے جو دو forces ہوتے ہیں پولیس اور آرمی ' ان کو رہنے دیا جائے ؟ ہمارے ملک میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہر ایک نے اپنی اپنی force بنائی ہوئی ہے ' ہر ایک کے پاس بندوقیں ہیں ' ہر ایک کے پاس راکٹ لانچرز ہیں ' ہر ایک کے پاس توپ اور اسلحہ ہے ' تو اس کے بعد پولیس اور فوج کیسے law and order maintain کر سکتی ہے ۔ پہلے ہم سب فیصلہ کریں کہ ہم اس ملک کے ساتھ کیا طریقہ اپنانا چاہتے ہیں ' اگر ہم کہتے ہیں کہ دہشت گردی ' دہشت گردی ہوتی ہے تو اس کو condemn کرنا چاہیئے۔ تو پھر اس میں بغیر کسی رو رعایت کے ' بغیر کسی جگہ کے ایسا نہیں کہیں کہ مالا کنڈ ڈویژن میں دو دن میں ساری تحصیلوں پر ' سارے تھانوں پر ساری سڑکوں پر قبضے ہو جاتے ہیں وہ صحیح ہے ۔ ہم پھر اس کی حمایت کرتے ہیں۔ کراچی میں سینکڑوں آدمی مر جاتے ہیں اور سب کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ دہشت گرد کہاں سے آتے ہیں کون لوگ ہیں؟ ہم کہتے ہیں کہ یہ صحیح طریقہ ہے ۔ اسی طریقے سے فرقہ واریت میں لوگوں نے ایک دوسرے کے خلاف بندوقیں اٹھائی ہوئی ہیں' ایک دوسرے کو مار رہے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ بھی صحیح طریقہ ہے ۔ اگر ہم پہلے فیصلہ نہیں کرتے تو کسی طریقے سے کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکیں گے ۔ ہم کہیں گے کہ کراچی کا مسئلہ ایسے حل ہونا چاہیئے ' ویسے حل ہونا چاہیئے ' تو کیسے حل ہونا چاہیئے؟ دہشت گردی چھوڑ کر حل کریں یا دہشت گردی کے ساتھ حل کریں۔ ملک کو ٹکڑے ہونے دیں ۔ ہمارے قاضی صاحب فرما رہے تھے کہ کراچی یا حیدر آباد الگ ملک نہیں بن سکتا۔ اس لئے کہ یہ ایک پورے سندھ کا حصہ ہے تو ان کی یادداشت کمزور ہے ۔ میں اتنا عرض کروں گا کہ جب باہر کے ممالک چاہتے ہیں تو ہر جگہ

پر ہر ملک بن سکتا ہے۔ یہ بھوٹان ' اس طرح کے اور ہمارے افغانستان Durand line کھینچ کر کس طرح بنایا۔ اس طرح سے ہندوستان اور پاکستان میں انہوں نے ملی کی لکیریں کھینچ کر یہ کس طرح سے بنے! جب باہر کے ممالک چاہتے ہیں تو یہ ہر طرح سے ملک کو بناتے ہیں ۔ یہ جو سلسلہ چلا رہے ہیں اپنے اس ملک والے نہیں چلا سکتے۔ یہ بھی باہر سے چل رہا ہے مسئلہ ۔ سب کچھ ہو سکتا ہے/ ۔ پہلے ہم سب متفق ہو کر ایک فیصلہ کریں ۔ میں تو یہاں تک بھی تیار ہوں گا اگر الطاف حسین اور اس کے سارے ساتھی .....مجھے پتہ نہیں ہے کہ انہوں نے کئے ہوئے ہیں۔ وہ دہشت گرد ہیں یا نہیں ہیں لیکن بہرحال ان پر مقدمات ہیں اگر وہ اعلان کریں کہ ہم آئندہ کے لئے بندوق کی زبان استعمال نہیں کریں گے' بندوق کا سہارا چھوڑیں گے اور جو مطالبات جائز ہیں حکومت سے منوانے کے لئے بیٹھیں تو میں کہوں گا کہ ان کے سارے مقدمات جو پہلے کے ہیں انہوں نے جو کچھ بھی کیا ہوا ہے سارے معاف کئے جائیں۔ ان میں سے ایک مقدمہ بھی کسی ان کے ممبر پر نہ ہو جو بھی وہ کہیں کہ یہ ہمارا ممبر ہے۔ خواہ وہ کتنا بھی دہشت گرد کیوں نہ ان سب کو چھوڑ دیا جائے۔ لیکن اگر ایسا نہیں ہوتا تو پھر اس دائرے میں دیکھنا ہو گا کہ اس کا حل کس طریقے سے نکالنا ہوگا۔ یہ جو ہم تین چار دنوں سے دیکھ رہے ہیں کہ الگ صوبے کا مطالبہ ہو رہا ہے پھر الگ ملک کا مطالبہ ہو رہا ہے۔ کم از کم میرے ذہن میں یہ بات نہیں آتی اور میں تو ہمیشہ کے لئے ایک پاکستان کے حق میں ہوں۔ اس لئے کہ جہاں پر جو کچھ پیدا ہوتا اور دوسری جگہ پر اس کا استعمال ہوتا وہ کہتے ہیں کہ اگر یہ ملک ٹوٹ جائے تو پھر مجھے نقصان ہوگا۔ خاص طور پر ہمارے سوات میں سیب اور پرسیمن وغیرہ اس قسم کے باغات ہیں جو سارے کے سارے یہاں پنجاب میں آکے یہاں لوگ کھاتے ہیں پیسے ہمیں ان سے ملتے ہیں۔ تو اگر ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے اور وہاں پر کچھ اور حساب بن جائے ۔ ادھر کچھ اور بن جائے ادھر کچھ اور بن جائے تو پھر سارا ملک جو ہے اس سے تباہ برباد ہو جائے گا۔ پہلے سارے مل کر یہ فیصلہ کریں یا ساری قوم یا ہمارے ممبران۔ اس کے بعد اس کی روشنی میں بات کر لیں تو وہ موزوں رہے گا۔ یہاں سب جو بد امنی ہے یہ سب کراچی تک نہیں ہے ۔ کراچی پر ہماری نظر اس وقت پڑتی ہے جب معاملہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے ۔ کراچی میں معاملہ تو ایسا ہے کہ جو ہاتھ سے نکل گیا ہے۔ باقی آپ پاکستان کے کسی گوشے میں' کسی کونے میں ' کسی جگہ پر جا کر دیکھ لیں وہاں پر بے تحاشا بندوق' ہر ایک ڈسٹرکٹ میں ہمارے مالاکنڈ ایک ڈسٹرکٹ ہے اس میں کہتے ہیں کہ

دو لاکھ کلاشنکوف ہے۔ سوات میں کہتے ہیں کہ تین لاکھ کلاشنکوف ہے۔ چترال میں کہتے ہیں ایک لاکھ ہے۔ مالا کنڈ ایجنسی میں کہتے ہیں پچاس ہزار ہے تو اس کا سلسلہ کیا سلسلہ ہے؛ سارے ملک میں بدامنی ہی بدامنی۔ جب تک ساری بدامنیاں جو ہیں ختم نہیں ہوں گی یہ اس ملک کا جو ایک رہنا بڑا مشکل ہوگا۔ اس کے علاوہ ایک درخواست سب سے، حکومت والوں سے بھی اور اپوزیشن والوں سے بھی، کیونکہ یہ صرف اپوزیشن والے یا حکومت والے نہیں کرتے جب ہم اپوزیشن میں ہوتے ہیں تو ہمارا رویہ کچھ اور ہوتا ہے ان کا رویہ کچھ اور ہوتا ہے۔ جب وہ حکومت میں آجاتے تو ہمارا رویہ پھر کچھ اور ہوجاتا ہے اور ان کا کچھ اور ہو جاتا ہے۔ یہ ملک کی جو بات ہوتی ہے اس میں ہم سب مل ملا کے ہم سب بیٹھ کر اس کا فیصل کرنا چاہئیے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر پاکستان نہیں رہے گا تو نہ وہ حکومت کر سکیں گے نہ ہم حکومت کر سکیں گے۔ پہلے ہمیں پاکستان کا سوچنا چاہئیے اس کے بعد پارٹی اور ذاتیات کا سوچنا چاہئیے۔ یہ کچھ وقت سے سلسلہ چل پڑا ہے کہ پہلے اپنے آپ کو بس پورا کر لو۔ ذاتیات اور مفادات پر لوگوں کو اس حد تک ڈالا گیا ہے کہ ہر ایک کہتا ہے کہ مجھے کچھ دو۔ مجھے نوکریاں دو، مجھے ٹرانسفر کرا دو مجھے پیسے دے دو۔ مجھے فلاں دے دو تو ٹھیک ہے۔ اگر یہ سلسلہ نہیں چلتا تو پھر وہ ناراض ہو جاتے ہیں تو پہلے ہمیں یہ بھی فیصلہ کرنا چاہئیے۔ اپوزیشن اور حکومت ایک ساتھ بیٹھ جائے۔ اگر اپوزیشن اور حکومت ایک ساتھ نہیں بیٹھ سکتی۔ بات نہیں کر سکتی تو پھر میرے خیال میں یہ جمہوریت والا جو ہمارا نعرہ ہے یہ بھی فضول ہے۔ دنیا میں کبھی ایسی حکومت ایسی جمہوریت میں نے دیکھی بھی نہیں ہے جہاں پر دونوں آپس میں بات بھی نہ کر سکیں اور افہام وتفہیم سے کوئی مسئلہ حل نہ ہو سکے۔ تو یہ بھی ضروری بات ہوتی ہے۔ جب ہم اپوزیشن میں ہوتے ہیں۔ جب پہلے بینظیر پارٹی اپوزیشن میں تھی تو وہ کہتے تھے کہ آٹھویں ترمیم ختم ہونی چاہئیے۔ ہر وقت وہ کہتے تھے ہم کہتے تھے نہیں یہ رہنا چاہئیے۔ جب ہماری حکومت بنی تو وہ کہنے لگے کہ آٹھویں ترمیم ختم ہونا چاہئیے ہم کہتے تھے کہ نہیں رہنا چاہئیے۔ جب ہم نے کہا کہ آٹھویں ترمیم ختم ہونا چاہئیے پھر وہ کہنے لگے نہیں۔ اب ہم کہہ رہے ہیں کہ آٹھویں ترمیم نہیں ہونی چاہئیے۔ تو مطلب یہ ہے کہ یہ کوئی اصولی جنگ نہیں ہوتی ہے۔ ہماری ہمیشہ پاکستان کی جو جنگ ہوتی ہے وہ اقتدار کی جنگ ہوتی ہے وہ کرسی کی جنگ ہوتی ہے۔ اور اسی لیے کرسی کی خاطر لوگ سب کچھ کر بیٹھنے کو تیار ہوتے ہیں اسی لیے تو ملک ٹکڑے ہو جاتے ہیں ملک کے ساتھ یہ حالت بھی ہو جاتی ہے۔ موجودہ حالت میں

خاص کر مجھے تو کم از کم باہر بازاروں میں گھومنے پھرنے سے روکے یا کوئی اگر مجھ سے پوچھے کہ تم کیا ہو ۔ سینیٹر کہنے پر مجھے تو شرم آتی ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے ملک کی کیا حالت ان ممبران نے بنا رکھی ہے۔ ان لوگوں نے۔ ہم کرتے کیا ہیں ان لوگوں کے لئے۔ ہمیں آخر اس قوم کا بھی سوچنا ہے۔ اگر ہم اپنے آپ کو کروڑ پتی بنا لیں ارب پتی بنا لیں اور ملک کی یہ حالت کر لیں تو وہ جہنم والی بات ہوگی ۔ جہنم میں جیسے طبقے ہوں گے تو ہم نیچے والے طبقے میں ہوں گے۔ کچھ نیچے والے میں ہوں گے کچھ اوپر والے میں تو ہم بھی جہنم والے ہوں گے لیکن ذرا طبقہ ہمارا بہتر رہے گا۔ تو اس لیے ملک کی بھی ہمیں تھوڑی بہت سوچنی چاہئیے۔ ہر بار میری یہ گزارش بھی ہوگی دونوں اطراف سے ۔ اپنی پارٹی کی طرف سے بھی اور دوسری طرف سے بھی کہ جو بھی بات ہم کرنا چاہیں پہلے اپنی پارٹی کو کم از کم اعتماد میں لیں۔ کم از کم ان سے بات چیت کریں ۔ ہماری سٹینڈنگ کمیٹیوں کے جو الیکشن ہو رہے تھے تو سٹینڈنگ کمیٹیوں میں کسی نے ہمیں اعتماد میں بھی نہیں لیا۔ کہ ووٹ تو تجھے دینا ہے لیکن تجھے کیوں دینا ہے۔ اور جس کو دینا ہے اس میں کیا خوبی ہے۔ کیا اس کی پارلیمانی عمر دوسرے کی نسبت زیادہ ہے۔ میں [illegible] سے ممبر آ رہا ہوں ۔ مجھ سے ایک یا دو اس سارے سینیٹ میں ہو سکتا ہے مجھ سے سینیئر ہوں باقی سب سے میں سینیئر ہوں ۔ اگر میں کہوں کہ وہ سینیئر تو میں ہوں لیکن میں نااہل بھی ہوں اور صلاحیتیں مجھ میں بھی نہیں اور قابلیت بھی نہیں ہے تو میں یہ بھی پوچھوں گا کہ جو سٹینڈنگ کمیٹیاں بنی ہوئی ہیں اور ان کے جو چیئرمین ہیں انہوں نے کون سے کارنامے انجام دیئے ہیں ۔ ماسوائے اس ایک کارنامے کے کہ انہوں نے اپنی تنخواہیں بھی بڑھا لیں اور ساتھ ساتھ دفتر بھی اپنے لیے لیے۔ اور ساتھ سٹینو وغیرہ بھی اپنے لیے مہیا کئے ۔ اور پہلے جتنے تھے ان سے ڈبل کئے۔ پہلے تیرہ تھے اب پچیس کر دیئے۔ تو ماسوائے اس کے اور کیا انہوں نے کیا ۔ جو کچھ انہوں نے کیا ہوا ہے وہ ہمیں دکھائیں تاکہ ہم دیکھ سکیں اور یہ سمجھ بھی سکیں کہ چونکہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں تھی اور وہ کر بیٹھے ہیں اس لیے ان کا حق بنتا تھا۔ تو ایسی باتیں جو ہوتی ہیں وہ پہلے ہمیں اپنے درمیان میں حل کرنا چاہئیے ۔ اپنے آپ کو ' اپنے ممبران کو اعتماد میں لینا چاہئیے۔ ہمیں اپنی پارٹی کی لائن کا پتہ نہیں ہوتا۔ ہم آ کر بیٹھ جاتے ہیں پتہ نہیں ہوتا کہ ہم کیا کرنا چاہتے ہیں کس لائن پر ہم ملک کو چلانا چاہتے ہیں کیا ہمارا طریقہ ہوگا۔ تو اس لیے ہماری بھی مشکلات ہوتی ہیں اور کبھی کبھار ہم سے ایسی باتیں بھی نکلتی ہیں جس سے

ہمارے لیڈر جو ہوتے ہیں یا ہمارے راہنما جو ہوتے ہیں وہ ناراض بھی ہو جاتے ہیں ۔ تو اگر پہلے ہم سے تھوڑی بہت ان باتوں کے متعلق ہم سے بھی وہ صلاح مشورہ کیا کریں تو یہ زیادہ بہتر رہے گا ۔ یہ تو میں نے باتیں لکھی ہوئی تھیں اس لئے کراچی سے ہٹ کر بھی میں نے تھوڑی باتیں کر دیں ۔ اس لئے کہ میں نے پہلے لکھا بھی یہ تھا کہ فریاد کہاں سے شروع کروں ؟ اپنے آپ سے شروع کروں یا باقی سارے ملک سے شروع کروں یا کراچی سے شروع کروں ۔ تو چونکہ میں نے یہ لکھا ہوا تھا اس لئے میں نے کراچی سے ہٹ کر بھی تھوڑی بہت باتیں کیں اور اگر وقت آپ کا زیادہ ضائع کیا تو اس کے لئے میں معذرت خواہ ہوں ۔ مہربانی شکریہ ۔

Mr. Presiding Officer: Now from the government side next speaker is Makhdoom Syed Hamid Raza. He is not present. Then is Malik Hakmeen Khan. Yes. Malik Sahib.

ملک حاکمین خان ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین میں آپ کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکر گزار ہوں کہ آج جو مجھے آپ نے موقع دیا کہ میں ان حالات میں جب ملک میں انتہائی قسم کی گھٹن ہو اور افراتفری کا عالم ہو اور پھر اس کے بعد آج بات چیت کا آغاز ہوا ہے کچھ دو چار دن پہلے تو میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کے حالات تشویشناک ہیں۔ پاکستان کا دل دکھی ہے ۔ اس کراچی کے حالات پر جو روشنیوں کا شہر تھا۔ پاکستان کے ماتھے کی خوبصورت زمرد تھا جو کراچی کو نہ جانے کیا ہو گیا ہے ؟ اس کو میں سمجھتا ہوں پنجابی میں بھی کہتے ہیں اور عام طور پر بھی کہتے ہیں کہ جہاں اس قسم کی خوشیوں کا اظہار ہو' اس قسم کے حالات ہوں تو وہاں کبھی کبھی انہیں نظر بھی لگ جاتی ہے ۔ تو ان حالات میں یہ جو کچھ حالات رونما ہوئے میں سمجھتا ہوں اس قائد اعظم محمد علی جناح کے بنائے ہوئے پاکستان اس کراچی کو جو ان کا شہر تھا یہ بدقسمتی ہے ' یہ ایک بڑی عجیب قسم کے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت وہاں تلخیوں کو بڑھایا جا رہا ہے اور مختلف طریقے مختلف حیلے بہانوں سے احساس محرومی کو اجاگر کیا جا رہا ہے ۔ جناب والا میں اس سلسلے میں اتنی ہی گزارش کروں گا کہ اس شہر کو جو ایک امن کا گہوارہ تھا انتہائی قسم کی محبت اور بھائی چارے کی فضا تھی اور مجھے یاد ہے کہ

اس قائد اعظم کے شہر میں جہاں کبھی کبھی جانا ہوتا اور اپنے اس قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو سے ملاقات کے سلسلے میں یا ان کے کسی کنونشن کے سلسلے میں 70 کلفٹن میں ہم جاتے تھے تو جناب والا ہم کئی دفعہ اپنے دوستوں سے جو رابطہ کرتے تھے تو اس میں کراچی شہر میں نہ رات ہوتی تھی نہ دن ہوتا تھا۔ سمجھ نہیں آتی کہ کراچی جب رات بارہ بجتے تو یہی محسوس ہوتا کہ کراچی میں تو ابھی دن کا آغاز ہوا ہے ۔ ابھی سورج طلوع ہوا ہے ۔ تو جناب والا ان حالات میں ایسے حالات جو پیدا ہوئے ہیں اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بدنصیبی ہے اور اس میں جہاں تک جناب والا .....

Mr. Presiding Officer: Malik Sahib just a minute, I may inform the House that it is not permissible to cross the floor or between the Presiding Officer and the member speaking while he is speaking. Even if you bend , even if you kneel down. Yes Malik Sahib.

ملک حاکمین خان ۔ جناب والا میں یہ گزارش کر رہا تھا کراچی کے پس منظر کے سلسلے میں اور میں جناب کی خدمت میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جناب ہم کبھی کبھی کراچی جاتے تھے اس روشنیوں کے شہر میں جاتے تھے تو وہاں ہمارے لئے خوشی کا اظہار ہوتا تھا۔ جب کوئی دوست ہمیں مدعو کرتا تھا تو ہم وہاں جا کر بڑے پرسکون طریقے سے روابط قائم کرتے تھے۔ ان سے ملاقاتیں کرتے تھے اور محسوس کرتے تھے کہ ہم ایک آزاد مملکت کے باسی ہیں، آزاد مملکت کے شہری ہیں اور اتنی وہاں خوبصورتی تھی ، محبت بھائی چارہ تھا اور وہاں کوئی ٹائم کا پتہ نہیں چلتا تھا۔ خواہ رات کے بارہ بجے ہوں یا ایک بجا ہو اور ہم ملاقاتیں کرتے تھے ۔ میں نے جناب والا آپ نے درمیان میں رکاوٹ پیدا کی اس لئے میں یہ باتیں دھرا رہا ہوں ۔ جناب والا ہمیں اس شہر سے محبت ہے ۔ اس کراچی سے ہمیں ہی کیا اس ملک کے ہر باشعور شہری کو محبت ہے کیوں کہ اس کراچی میں وہ ہمارے دوست جو اپنے آپ کو مہاجر کہلواتے ہیں۔ مجھے دکھ ہوتا ہے کہ اگر وہ احساس محرومی کی بات کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ احساس محرومی کی بات اگر وہ کریں گے تو مجبوراً مجھے بھی کرنا ہوں گی ۔ کیوں کہ میرا بھی تعلق اس پوٹھوار کے پسماندہ خطے سے ہے ۔ میرا بھی تعلق اس پنجاب سے ہے ، اس پنجاب کے ساتھ ہے ، اس

پوٹھوار کے اگر میں انک کی بات کروں تو جناب والا احساس محرومی کی بات تو میں کروں چونکہ میرے اس ضلع کے مختلف دیہاتوں میں مختلف سمتوں میں میری ابھی بھی مائیں بہنیں پانچ پانچ ، سات سات میل پیدل چل کر میٹھا پانی تلاش کرتی ہیں اور وہاں جا کر سروں پر چار چار گھڑے اٹھا کر لاتی ہیں اور پانی کون سا ہوتا ہے جہاں انسان بھی پیتے ہیں اور حیوان بھی پیتے ہیں اس پانی کو ۔ جناب والا احساس محرومی تو یہاں بھی ہے اگر یہ بات اجاگر کی جائے تو جناب والا یہاں بھی حالات ایسے ہیں کہ ہمارے نوجوان بڑے پڑھے لکھے بیروزگار بھی ہیں ۔ یہاں بھی اور وہ سپوت ان حالات میں جناب والا کھانے پکانے کے لئے ہمارے وہ غریب لوگ ہمارے بھائی ، ہماری مائیں بہنیں دور دراز جنگلات سے لکڑیاں کاٹ کر سروں پر اٹھا کر وہ اپنی خوراک جو ہے یا اسے کھانا پکانے کے لئے استعمال کرتی ہیں ۔ جناب والا احساس محرومی کی بات وہ پھر وہی سپوت پیدا کرتی ہیں جناب والا اس ملک کے دفاع میں ۔ جناب آپ جانتے ہیں اس دھرتی کے لوگ انہوں نے ملکی دفاع کے لئے ، اگر آپ جائیں مختلف گاؤں میں جائیں آپ کو وہاں پر قبریں ملیں گی جہاں شہیدوں کے نشانات ہیں ۔ وہاں آپ جائیں میں لے جانا چاہتا ہوں ایم کیو ایم کے دوستوں کو جو ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں ۔ میں انہیں ساتھ دعوت دیتا ہوں ان دوستوں کو کہ آئیں میرے ساتھ چلیں اور دیکھیں کہ یہاں پسماندگی کی بات کرتے ہیں ، احساس محرومی کی بات کرتے ہیں صرف کراچی کی بات کرتے ہیں تو میں یہاں لے جانا چاہتا ہوں اگر وہ چاہیں تو میں یہاں لے جانا چاہتا ہوں ۔ جناب والا اگر بلوچستان کی بات میں اس میں نہیں کرتا چونکہ اب ملک کی بات ہے تو جناب سب سے بڑا رقبہ بلوچستان کا ہے ۔ کیا وہاں پر پسماندگی نہیں ہے ؟ وہاں لوگوں میں پریشانی نہیں ہے ؟ لوگوں میں بیروزگاری نہیں ہے ؟ لوگوں کے ساتھ ناانصافی نہیں ہو رہی ؟ ہو رہی ہے ۔ جناب والا اس سلسلے میں کیا پختون اور فاٹا کے بہادروں سے میں مخاطب ہونا چاہتا ہوں اور ان کی وساطت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کیا یہاں لوگ بے روزگار نہیں ہیں ؟ وہ لوگ پریشان نہیں ہیں ؟ تو جناب والا اسی طرح پنجاب کے لوگ بھی تو یہ سب کے سب وہاں جا کر کراچی میں بھی یہ لوگ مزدوری کرتے ہیں ۔ ہمارے ایک بہت بڑے شہر میں جناب والا وہ کیا کام کرتے ہیں ؟ وہ روڑی کوٹتے ہیں ۔ وہ جناب والا تارکول بچھاتے ہیں ۔ وہ جناب والا وہاں پتھر کوٹتے ہیں ۔ وہ جناب والا وہ بڑی بڑی بلڈنگیں جو اب وہاں موجود ہیں وہ بڑے بڑے پلازے ہیں جہاں ہمارے ایم کیو ایم کے بہادر دوست وہاں

رہائش پذیر ہیں ۔ تو ان کے لئے انہوں نے خدمت کی ہے اور وہ کر رہے ہیں ۔ تو جناب والا یہ چیزیں میں سمجھتا ہوں یہ نہیں ہے ' احساس محرومی کی بات نہیں ہے ۔ احساس محرومی تو جناب والا ہر جگہ ہے کراچی میں تو یہ چیز نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اور ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ان دوستوں کو ' ہم ان کا احترام کرتے ہیں ۔ ہم تلخی کی بات نہیں کرنا چاہتے چونکہ آج بات چیت ہو رہی ہے ۔ دنیا بھر کی نظریں یہاں پر لگی ہوئی ہیں ۔ دنیا دیکھ رہی ہے کہ اس وقت گورنمنٹ پارٹی اور ہمارے ایم کیو ایم الطاف گروپ کے لیڈران یہاں آپس میں بات چیت کر رہے ہیں تاکہ لوگوں کی جو بے چینی ' جو ان کو بے سکونی ہے اس کا کوئی حل نکالا جائے۔ تو ساتھ ساتھ جناب والا ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات مناسب نہیں ہے۔ یہ کہیں دشمن کی بات تو نہیں ہے ۔ کہیں دشمن کی بات میں کسی پروپیگنڈے میں تو ہم نہیں آ رہے؟ یہ اس قسم کی باتیں کر کے دشمن کو تقویت دی جائے ؟ احساس محرومی تو جناب والا ہوتا ہے لیکن احساس محرومی سے یہ باتیں نہیں ہوتیں ۔ ہم فرض کریں تسلیم کر لیں کہ احساس محرومی ہے ' ہم مان لیں اس بات کو کیوں کہ فاضل debateable points سے ہم یہ سمجھ لیں تسلیم کر لیں کہ ہاں واقعی ان کو کوئی تکلیف ہے تو تکلیف کا یہ مطلب تو نہیں ہے۔ اس جگہ پر ہو رہے ہیں جہاں مہاجروں کی اکثریت ہے ؟ وہاں ہو رہے ہیں 'جہاں وہ جو کرنا چاہیں کر سکتے ہیں ۔ سیاہ و سفید کر سکتے ہیں ۔ وہ کس کو مار رہے ہیں ؟ پاکستان کے لوگوں کو مارا جا رہا ہے ۔ قاتل بھی ہیں ' مقتول بھی ہیں ۔ جناب والا ! مدعی بھی ہیں اور ملزم بھی ہیں ۔ اس قسم کی حرکات و سکنات سے اس ملک کی کوئی خدمت نہیں ہو رہی ہے ۔ ہم مشورہ دیتے ہیں ' ہم انہیں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ دشمن کی باتوں میں مت آئیں ۔ بلکہ اب ہم دشمن کے ناپاک عزائم کے بارے میں دشمن کو خبر دار کرنا چاہتے ہیں ہم نے اپنے دشمن کے ساتھ دو تین جنگیں لڑی ہیں ۔ اب ہم ان سے مقابلہ کرنے کی سکت رکھتے ہیں ۔ اب پوری قوم میں یگانگت ہے ۔ اب ہماری پاک فوج مکمل طور پر تیار ہے ۔ دشمن چاہتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ان لوگوں کا جو آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں' یہاں گڑبڑ کر کے رخ تبدیل کر دیا جائے ۔ لیکن میں انہیں خبر دار کرنا چاہتا ہوں کہ وہ یہ بھول جائیں کہ ہم ان کی ایسی حرکتوں سے گھبرا جائیں گے بلکہ ہم ان کا مقابلہ کریں گے۔

جناب والا ! ان چیزوں کی ہمیں سمجھ آنی چاہیے ۔ ہمیں دور اندیشی سے کام لینا

چاہیے ۔ اچھی چیزوں کے لئے بڑے دل کی ضرورت ہے ۔ احساس کرنے کی ضرورت ہے ۔ میں اپنے محترم جناب اجمل دہلوی سے جو کہ ہمارے لئے قابل احترام ہیں ' مخاطب ہونا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ! یہ ایک بڑے عظیم انسان تھے ' جب ہم میدان جنگ میں اترے ہوئے تھے اور جمہوریت کی بحالی کی جنگ کر رہے تھے ' میں اس ایوان میں فخر سے کہنا چاہتا ہوں ' یہاں دانشور بھی تشریف فرما ہیں ' جب ہم اس جنگ میں سینہ سپر تھے اس ڈکٹیٹر کے خلاف جو کہ اس ملک کو پچاس سال پیچھے لے گیا ہے ' اس نے جو ایک ظالمانہ طریقہ اختیار کیا ہوا ' اس وقت یہ محترم جمعہ خان کے نام پر آرٹیکل لکھا کرتے تھے ۔جمہوریت کی بحالی کے لئے لکھتے تھے ' وہ بہادر جو اس میں حصہ لے رہے تھے ' ان کی honour میں لکھتے تھے ' اس طرح سے ان کو شاباش دیتے تھے اور ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے ۔اجمل دہلوی صاحب جن کی میں بہت عزت کرتا ہوں ' جن کو میں قدر کی نگاہ سے دیکھتاہوں لیکن اگلے دن جو ان کا بیان آیا ہے ' اسے پڑھ کر بہت دکھ ہوا ہے ۔اس میں انہوں نے یہ دھمکی دی تھی کہ مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں اقوام متحدہ سے رجوع کیا جائے گا خانہ جنگی ہوگی ' صوبے کا مطالبہ ہوگا' بیرونی دشمن کی مداخلت ہوسکتی ہے ۔ جناب والا ! اس پر مجھے دکھ ہوا ہے ' افسوس ہوا ہے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں اور میں اپنے ایک پرانے دوست سے مخاطب ہوں ' میں ان سے گزارش کروں گا کہ کل کے جمعہ خان ' آج کے پھنے خان نہ بنیں ۔ وفاق کی بات کریں ۔ پھنے خان بننے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا ۔ یہ ملک ہے تو ہماری بھی چوہدراہٹ ہوگی اور تمہاری بھی چوہدراہٹ ہوگی ۔ ہماری بھی عزت ہوگی اور تمہاری بھی عزت ہوگی ۔ اس لئے میری اس دانش ور سے گزارش ہے کہ وہ اپنے آپ کو وفاق کے ساتھ منسلک کریں کیونکہ پہلے اس نے ہمیشہ وفاق کی بات کی ہے ۔

جناب والا ! میں کل کی تقریروں سے بہت متاثر ہوا ہوں۔ ہماری ایم کیو ایم کے محترم لیڈران یہاں تشریف فرما ہیں ۔ کل سب دوستوں نے کہا ہے کہ ہمیں تلخیاں نہیں بڑھانی چاہئیں۔ ہمیں بھائی چارے کی بات کرنی چاہیئے ۔ امن و سکون کی بات کرنی چاہیئے تاکہ ان حالات میں ہم ایک دوسرے کے ساتھ mutual understanding کرکے اس ملک کی بہتری کے لئے کچھ اقدام کر سکیں لیکن جناب والا کل بھی میں نے عرض کیا تھا اور آج پھر میں دوہرانا چاہتا ہوں کیونکہ یہ ریکارڈ کی بات ہے ۔ میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں اور اس لیڈر آف اپوزیشن سے مخاطب ہوں جو اس سائیڈ کا نیشنل اسمبلی میں اپوزیشن کا ایک لیڈر ہے ۔ جناب والا اسے بھی تو کوئی احساس کرنا

چاہیئے ۔ کیا اسے زیب نہیں دیتا ہے ایک طرف مذاکرات ہو رہے ہیں ۔ ڈیبٹ ہو رہی ہے ۔ ڈسکشن ہو رہی ہے ۔ مختلف قسم کی باتیں ہو رہی ہیں۔ انتہائی احساس کرنے کا وقت ہے تو آج وہ اس پارٹی کی قیادت کو کہتے ہیں کہ پاکستان اور بھٹو خاندان اکٹھے نہیں رہ سکتے ہیں ۔ کتنی افسوس کی بات ہے کتنے دکھ کی بات ہے ۔ کیا ذوالفقار علی بھٹو کی وہ خدمات دنیا بھول سکتی ہے ۔ وقت اور تاریخ نے ثابت کر دیا کہ ذوالفقار علی بھٹو جیسی شخصیت صدیوں بعد پیدا ہوتی ہے ۔اس کے پروگرام ' اس کی سوچ اس میں کیا تھا اس نے تو انقلاب برپا کیا اس متوسط طبقے کے لئے ان غریبوں کے لئے اس ملک کا نام روشن کیا ۔ صرف پاکستان میں نہیں بلکہ دنیا میں لوگ کہتے تھے کہ وہ پاکستان جو بھٹو کا پاکستان ہے ۔ آج کہہ رہے ہیں کہ پاکستان اور بھٹو خاندان اکٹھے نہیں رہ سکتے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے ۔

میں آپ کی وساطت سے جناب والا! میاں صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں یہ کس کی آواز ہے ۔ آپ کے پیچھے وہ کونسی طاقت ہے جو اس وقت ایسا حالات پیدا کرنا چاہتی ہے ۔ جبکہ اس وقت وفاق کی اکائیوں کی اور چاروں صوبوں کی مقبول اور مضبوط پارٹی ہے وہ پاکستان پیپلز پارٹی ہے جو وفاق پاکستان کے اتحاد کی علامت ہے ۔ اس کی قیادت کو یہ کہہ رہے ہیں ۔ استغفراللہ ' میں کہنا چاہتا ہوں جناب والا! یہ ایک بڑے سوچے سمجھے منصوبے کی بات ہے ۔ اس لئے ہمیں غور کرنا چاہیئے ۔ ہمیں سوچنا چاہیئے یہ آواز کہاں سے آ رہی ہے ۔ میاں نواز شریف کس کی بات کر رہے ہیں اور میں میاں صاحب کو بھی بتانا چاہتا ہوں ۔ یہاں پیپلز پارٹی میں ایسے مجاہد لوگ موجود ۔ ایسے بہادر لوگ ہیں ایسے جرات مند لوگ ہیں جو انتہائی دیانتدار اور ایماندار قسم کے لوگ ہیں ۔ جن کا اپنا ایک نظریہ ہے ۔ ایک سوچ ہے ۔ جن کی اپنی ایک آئیڈیالوجی ہے ۔ جو اپنے نظریات سے committed ہیں ۔ آپ کہاں مقابلہ کریں گے آپ نہیں کر سکتے ہیں ۔ آئیں اس وقت اس ملک میں لوگ ذہنی طور پر انتہائی ماؤف ہو چکے ہیں ۔ پورے پاکستان میں نفسیاتی مریض بن چکے ہیں ۔ پوری عوام بن چکی ہے ۔ آئیں ہمارے ساتھ مل بیٹھیں ۔ ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں ۔ تلخیوں کو بھولیں ۔ سب چیزوں کو بھولیں ۔ اس وقت ملک کی بقا کا مسئلہ ہے ۔ اس ملک کو بچائیں ۔ اس ملک کو بچانے کے ساتھ ساتھ ۔۔ یہ حالات آتے رہتے ہیں ۔ کبھی ایک پارٹی آنے گی کبھی دوسری آنے کی کبھی کوئی گورنمنٹ میں جائے گا کبھی کوئی اپوزیشن میں جائے گا ۔ لہذا ملکی معاملات ہیں ۔ اس کو سمجھنے کی ضرورت ہے ۔ تو اس کے ساتھ ساتھ

میں مخاطب ہوں اپنے محترم قاضی حسین احمد صاحب سے جن کا میں بہت ----

Mr.Presiding Officer: Please try to conclude now.

ملک حاکمین خان- جناب والا میں بہت جلد کروں گا - جناب والا ابھی تو میں نے سٹارٹ کیا ہے - ابھی تو بالکل کچھ بھی نہیں کہا - سر میں نے بہت کچھ باتیں کرنی ہیں---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر- ۲۰ منٹ کا ٹائم ہے اور ۱۹ منٹ ہو چکے ہیں- اس لئے

please try to conclude now.

ملک حاکمین خان- سر ابھی تو میں نے تمہید باندھی ہے- جناب ،ھر ہمارے دوست محترم بیٹھے ہیں - دو دو گھنٹے تک وہ تقریر کرتے ہیں --

جناب پریذائیڈنگ آفیسر- دو دو گھنٹے تک کسی نے تقریر نہیں کی - صرف لیڈر آف--

ملک حاکمین خان- سر کل جو چیئرمین تھے - انہوں نے اپنا طریقہ کار اختیار کیا - میں جناب سے معذرت سے ---

سید مسعود کوثر- سر بڑی relevant باتیں کر رہے ہیں - ان کو پانچ منٹ ایکسٹرا دے دیں- بڑی مہربانی ہو گی-

Mr. Presiding Officer: please try to conclude now.

ملک حاکمین خان- جناب والا ہمارے قاضی صاحب ہیں جو ہمارے لئے انتہائی قابل احترام ہیں - ہم ان کی ہمیشہ قدر کرتے ہیں' عزت کرتے ہیں ' علماء ویسے بھی قابل احترام ہوتے ہیں بشرطیکہ وہ صحیح راستے پر گامزن ہوں - جناب والا میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی تو ایک صوبائی پارٹی ہے - یا وہاں کے معاملات تک محدود ہے سندھ تک محدود ہے - میں ان کو بتانا چاہتا ہوں - جناب پاکستان پیپلز پارٹی ایک قومی پارٹی ہے - پاکستان پیپلز پارٹی ایک وفاق کی علامت ہے- پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت' نے' میں تو فخر سے کہوں گا ' کہ ذوالفقار علی بھٹو نے ہمیشہ پاکستان کی بات کی ہے - اس کی بیٹی نے بھی ہمیشہ پاکستان کی بات کی ہے - وفاق کی بات کی ہے اس ملک کے لئے انہوں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ ہم سندھ کے ہیں یا آپ جناب والا ، آپ سے بہتر کون جانتا ہے اور اچھی طرح باخبر

ہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو نے یہاں تک کہا تھا اور انہوں نے ہمیشہ اس بات کو اجاگر کیا ' اور آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ اس وقت خدانخواستہ سندھ دیش کا بھی مسئلہ تھا ' لوگ اسے بڑا اٹھا رہے تھے ۔ مختلف لسانی مسائل بھی تھے ۔ مختلف اور بھی باتیں تھیں ۔ لیکن جناب والا ذوالفقار علی بھٹو نے ہمیشہ ان کی مذمت کی اور پاکستان اور وفاق کی بات کرکے انہوں نے جو کچھ کارنامے سرانجام دیئے وہ جناب والا آپ کے علم میں ہیں۔ اور آپ جانتے ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی اس ملک میں ایک ایسا پروگرام رکھتی ہے اور سب کو ساتھ لے کر چلنا چاہتی ہے ۔ اور یہ بھی جانتے ہیں کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک ایسا پروگرام رکھتی ہے ایسا منشور رکھتی ہے جس میں ان پسے ہوئے لوگوں کی تقدیر بدلنے کے لئے ' ان مظلوموں کو سہارا دینے کے لئے ' ان بے زبان کو زبان دینے کے لئے ایک پروگرام رکھتی ہے ۔ جناب والا! اور اسی وجہ سے جو لوگ اسے نہیں چاہتے ہیں وہ عام لوگوں کی خوشحالی نہیں دیکھ سکتے ۔ وہ سب اس سلسلے میں قدرتی طور پر پاکستان پیپلز پارٹی کے خلاف ایک اتحاد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے خلاف ہی نہیں صرف ' پاکستان کی 80% آبادی کے خلاف ہیں۔

جناب والا! پھر میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ کراچی کی خوشحالی کے لئے ذوالفقار علی بھٹو نے سٹیل مل کے ساتھ ساتھ مختلف ترقیاتی پروگرام میں جو انہوں نے دلچسپی لی اور آج اس کی بیٹی نے جس طرح ایک کھرب اکیس کروڑ کے قریب جو پیکیج دیا ان کے ترقیاتی پروگرام کے لئے ان کی خوشحالی کے لئے ان کی بہتری کے لئے جناب والا یہ بھی آپ جانتے ہیں۔ اور میں شکرگزار ہوں محترمہ بے نظیر بھٹو وزیر اعظم پاکستان کا ' انہوں نے کراچی کے ساتھ ساتھ ان پسماندہ لوگوں کو بھی اسی طرح انہوں نے ان کی ترقی کے لئے ان کی خوشحالی کے لئے جدوجہد جاری و ساری کی ہوئی ہے ۔

جناب والا! دوسری طرف میں یہ عرض کرنا چاہوں گا اور حساب کتاب کی بات کرنا چاہوں گا۔ جناب والا جہاں تک مردم شماری کا تعلق ہے ۔ 1981ء کی مردم شماری کے مطابق 3% سالانہ اضافہ کے مطابق ' سپریم کورٹ میں دعوی کے اعداد و شمار کے مطابق ' جن کے مطابق سندھ کی کل آبادی تین کروڑ تھی۔ جناب والا! خبریں آرہی ہیں کہ ہماری آبادی اتنی زیادہ ہے۔ کروڑوں پر مشتمل ہے۔ کیونکہ جناب والا اعداد و شمار حقیقی بڑی

ضروری چیز ہے حساب کتاب بڑی ضروری چیز ہے ان غلطیوں کا ہمیں ازالہ کرنا چاہیے ۔ اس کی درستگی کی ضرورت ہے ۔ جناب والا اس لئے میں یہ بات بتانا چاہتا ہوں ۔ کہ سندھ کی کل آبادی تین کروڑ اور مادری زبان ہمارے قابل احترام بولنے والے 22.64% ہیں ۔اور ان کی آبادی تقریباً ۸۶ لاکھ ہے جو کراچی ' حیدر آباد ' سکھر اور میرپور خاص میں ہے ۔ کراچی کی تقریباً ایک کروڑ آبادی ہے ۔ چالیس سے پینتالیس فیصد اردو بولنے والے ہیں ۔ اور جن کا پی پی کے علاوہ دوسری سیاسی پارٹیوں سے بھی تعلق ہے ۔ جمعیت العلمائے پاکستان اور جمعیت العلمائے اسلام بھی ہے ۔ پاکستان پیپلز پارٹی بھی ہے۔ پختون جماعت ' اور جماعت اسلامی بھی ہے ۔ جناب والا بیس لاکھ کے قریب ہمارے پختون برادر بھائی بھی ہیں ۔ اور اس طرح جناب والا پنجاب کے غیور لوگ بھی ہیں ۔ اور بلوچ کے خوددار لوگ بھی موجود ہیں۔ تو جناب والا ایم کیو ایم کا دعویٰ یہ کرنا کہ اردو بولنے والے اڑھائی کروڑ ہیں۔ اگر وہ اڑھائی کروڑ ہیں تو وہ رہتے کہاں ہیں ۔ حساب کتاب کی بات ہے ۔

جناب والا! بات حساب کتاب کی ہے ۔ کوئی بلف نہیں ہے ۔ کوئی ایسی دروغ گوئی نہیں ہے۔ حساب کتاب کی بات ہے وہ اڑھائی کروڑ تو جناب والا میں سمجھتا ہوں حیدر آباد کی پندرہ لاکھ اور اسی طرح سکھر کی آٹھ لاکھ اور جناب والا اڑھائی کروڑ اردو بولنے والے آخر کہاں گئے ۔ چھیاسٹھ لاکھ کی آبادی کے حساب سے پاکستان کی تیرا کروڑ کی آبادی میں ان کی تعداد صرف پانچ فیصد ہے جو انتہائی محترم ہے میں یہ بات پھر کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت پاکستان کے اسی فیصد مسائل کراچی کے حالات کی وجہ سے ہیں ۔ تو میں گزارش کروں گا میری انتہائی عاجزانہ گزارش ہے ' ادھر ہمارے کمانڈو آفتاب شیخ صاحب بیٹھے ہیں جو میرے لئے انتہائی محترم ہیں۔ ادھر جناب ہمارے محترم حضرت تشریف فرما ہیں ہم ان سے گزارش کریں گے ان حالات میں اگر انہوں نے کسی قسم کی کوتاہی کی جو اس ملک کی سوچ کے خلاف ہو گی ۔ اس ملک کا جو نظریہ تھا تو اس کو آنے والی نسلیں بھی معاف نہیں کریں گیں ہمارے محترم جناب قائداعظم محمد علی جناح دیکھ رہے ہیں ان کی طرف اگر انہوں نے کوئی ایسا اقدام کیا جس سے انتشار ہو ملک میں افراتفری ہو' تو جناب آنے والی نسلیں بھی معاف نہیں کریں گی۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر، شکریہ جناب دوسرے مقرر جناب شیخ آفتاب احمد ۔

جناب آفتاب احمد شیخ، جناب چیئرمین۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سپیکر جو ابھی تشریف فرما ہونے چالیس منٹ لئے ہیں۔ ایک بجنے میں بیس منٹ پر کھڑے ہونے

جناب پریذائڈنگ آفیسر، بارہ بج کر اکاون منٹ پر شروع ہونے تھے اور ایک بج کر پندرہ منٹ پر انہوں نے ختم کیا۔

جناب آفتاب احمد شیخ، میں یہ گھڑی دیکھ رہا ہوں

پریذائڈنگ آفیسر، میں یہاں اپنی گھڑی دیکھ رہا ہوں اس سے شروع کیا تھا اسی کے مطابق ختم کرایا ہے۔آپ شروع فرمایں۔

جناب آفتاب احمد شیخ، میں عرض کروں گا کہ I demand concession۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم جناب چیئرمین مسئلہ کراچی کا اس ہاؤس میں یا قومی اسمبلی میں متعدد بار زیر بحث آ چکا ہے۔ کراچی کی صورت حال بہتری کی طرف نہیں جارہی ہے یہی ہمیں سوچنا ہے کہ کیوں نہیں جا رہی ہے۔اور اس کے کیا اسباب ہیں اور کس طرح اس کا تدارک کیا جائے۔ جناب چیئرمین قبل اس کے کہ میں آپ سے کراچی کی صورت حال کے بارے میں اپنی معروضات پیش کروں جو کچھ میں نے دیکھا ہے سمجھا ہے جو میرے پاس facts and figure ہیں۔ میں یہاں ایک بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کیونکہ اس طرف، جس طرف میں کھڑا ہوں یہاں سے کچھ مقررین نے بھی یہ پوائنٹ اٹھایا ہے اور ادھر سے بھی کہیں سے آواز اٹھی ہے کہ یہ گفتگو کراچی کے حوالے سے صرف اور صرف ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان کیوں ہو رہی ہے۔یہ صحیح ہے valid point ان لوگوں کی نگاہ میں ہے صاحب ہمیں بھی شامل کرو کراچی کی صورت حال یہ ہے کہ وہاں بہت ساری اکائیاں ہیں بہت ساری زبان بولنے والے لوگ رہتے ہیں بالکل valid بات ہے اس سے مجھے کوئی بھی نااتفاقی نہیں ہے۔لیکن میں عرض تو یہ کرنا چاہتا ہوں کہ 1993 کے انتخابات میں میرے پاس کتاب موجود ہے report on the general elections of 1993 1993 کے انتخابات میں ہم نے قومی اسمبلی کے انتخابات کا بائیکاٹ ضرور کیا تھا۔ لیکن جب ہم نے صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لیا تو کراچی کی 28 seats میں سے 22 ہم نے جیتیں۔ یہ ہمارا mandate ہے گفتگو میں بیٹھنے کا کراچی کے حوالے سے۔ کراچی کے سلسلے میں۔ کراچی کے مسائل کے لئے یہ ہمارا mandate ہے۔ اگر آپ اس ووٹ کو اور اس مینڈیٹ کو تسلیم کرتے

ہیں تو ہمارا سب سے بہتر حق ہے کراچی کے بارے میں گفتگو کرنے کا ۔ یہ جواب ہے میرا ان تمام دوستوں کو جنہوں نے یہ کہا کہ یہ گفتگو صرف ایم کیو ایم سے کیوں ہو رہی ہے اس لئے ہو رہی ہے کہ مسئلہ کراچی کا ہے اس لئے ہو رہی ہے کہ مسئلہ اربن سندھ کا ہے ' اور اربن سندھ میں حیدرآباد چار سیٹیں صوبائی اسمبلی کی ہماری ' اور چونکہ ہم نے قومی اسمبلی کے انتخابات کا بائیکاٹ کیا تھا ورنہ دو سیٹیں 1988 کے انتخابات میں ہماری تھیں اور 1990 کے انتخابات میں بھی حیدرآباد سے قومی اسمبلی کی دونوں سیٹیں ہماری تھیں۔ اور صوبائی کی چاروں ہماری اپنی ہیں تو میری عرض یہ ہے کہ جب آپ سندھ اربن کی بات کریں گے تو یہ ضرور دیکھیں گے کہ عوام نے کس کو mandate دیا ہے ۔ ہمارا یہ certificate ہے ' یہ mandate ہے اور ان تمام دوستوں کو میرا یہی جواب ہے جنہوں نے اعتراض کیا ہے ۔

اب میں اس بات پر آتا ہے کہ کراچی ہے کیا؟ سب دوستوں نے کہا ہے کہ کراچی mini-Pakistan ہے۔ بڑی اہم جگہ ہے ۔ میں آپ سے نگرز کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس لیے کہ یہ صحیح بات ہے کہ کراچی بے انتہا اہم شہر ہے اور کراچی کی اہمیت کچھ حوالوں سے میں آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ملک کی آبادی کا دس فیصد طبقہ وہاں رہتا ہے پہلی بات تو یہ ہے۔ کیونکہ یہ اتنا بڑا شہر ہے جہاں 10 percent of the total population resides. ۔ دوسری بات یہ ہے کہ سب کو معلوم ہے کہ سب سے پرانی port ہے ' air port بھی ہے اور sea port بھی ہے ' developed ports ہیں اور دفاعی اعتبار سے کراچی کی اہمیت کو کوئی نہیں جھٹلا سکتا۔ ملک کی GDP میں کراچی کا share more than one fifth ہے ۔ پورے ملک کی GDP اکیلے کراچی کا share morethan one-fifth ۔ اس سے آگے آیئے value added in manufacturing both large and small scale enterprises 45 per cent only from Karachi. اس سے آگے چلئے banks, insurance companies and their contribution only from Karachi, 46 per cent. اس سے آگے چلئے construction and transport 26 per cent, storage and communication 25 per cent یہ کراچی کا share ہے اور آگے بڑھئے سب سے important معاملے پر اور وہ یہ ہے ۔کہ کراچی پیسے کتنے دیتا ہے ؟ recovery fees, Federal excise duties, sales taxes, income taxes, all sorts of taxes, 60 percent اکیلا کراچی contribute کرتا ہے ۔ This is the contribution of Karachi alone. اور اس شہر کے بارے

میں ہم گفتگو کر رہے ہیں جس کی یہ حیثیت ہے ۔ جس کا یہ حدود اربعہ ہے جس کی importance کی نوعیت میں نے آپ کو economic figures سے بتائی ہے اور یہ بات عرض کر دوں کہ ابھی دو دن پہلے میں سن رہا تھا کہ سترہ ملین ڈالر کا نقصان پاکستان ٹیلی ویژن بتا رہا تھا صرف تین دن کی ہڑتال کی وجہ سے ۔ اور کراچی وہ شہر ہے جس کے بارے میں میں آپ کو عرض کردوں کہ اس وقت میرے پاس دو اخبارات کی clipping ہے ۔ میں آپ سے بالکل اختصار سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی میں جس دن ایم کیو ایم اور حکومت کی گفتگو شروع ہوئی ہے کراچی سٹاک ایکسچینج کہتا ہے۔

The selling was prompted by the recourse of the selling of shares. People were selling the shares and going away. Sellings were prompted by fresh killing by the strong rumours of grand operation against terrorism.

یہ رپورٹ 'The Nation' اخبار کی economy, business dated 8-7-1995 ہے ۔ اسی اخبار نے لکھا ہے۔ The price index recorded a hefty fall of about 46 points in a single session. جناب چیئرمین' میری عرض یہ ہے کہ جیسے ہی negotiations شروع ہونے ہیں کراچی سٹاک ایکسچینج نے rise register کیا ہے ۔ وہاں economic activity بڑھ رہی ہے ۔ صورتحال بہتر ہو رہی ہے ۔ ہم اس شہر کی بات کر رہے ہیں اور اس شہر کے امن کے حوالے سے یہاں آپ مختلف proposals پر گفتگو کر رہے ہیں ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسے شہر میں جہاں ہڑتال ہو رہی ہے ' جہاں مار دھاڑ ہو' جہاں گڑبڑ مچی ہوئی ہو ' جہاں economic activities disrupted ہوں تو کیا یہ مناسب ہے کہ کہا جائے کہ مسئلہ صرف دس تھانوں کا ہے؟ کیا یہ مناسب ہے کہ یہ بات کہی جائے امریکہ میں ایک سال میں بارہ ہزار آدمی مرتے ہیں' ابھی تو بارہ سو بھی نہیں ہوئے' کیا یہ مناسب ہے کہ اس معاملے کو اس انداز سے لیا جائے؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ انداز معاملات کو appreciate کرنے کا منفی ہے۔ وہ صحیح نہیں ہے۔ میں نے اسی لیے آپ کو economic figures دیئے ہیں۔ معاشی اعتبار سے figures دیئے ہیں کہ کراچی کے یہ figures ہیں لہٰذا کراچی کے بارے میں سب کو سوچنا ہے۔ سب کو اس کے بارے میں' اس کے حل کے بارے میں سوچنا ہے۔ اب آئیے میں آپ سے' میں شارٹ کروں گا جناب چیئرمین' میں کوشش کروں گا کہ میں irrelevant نہ ہوں میں کوشش کروں گا کہ بالکل within the scope بات کروں آپ

سے۔ میں آپ سے یہ مودبانہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی کے مسئلے پر problem کی نوعیت کیا ہے۔ اس کا تجزیہ analysis اگر کریں تو اس کی کیا نوعیت ہے' کیا یہ administrative مسئلہ ہے' انتظامی مسئلہ ہے صرف یا جناب چیئرمین کیا یہ simple law and order کا مسئلہ ہے کیونکہ جب تک آپ اس کا تعین نہیں کریں گے کہ یہ مسئلہ کس نوعیت کا ہے آپ حل نہیں نکال سکتے۔ اگر آپ مرض کا تعین نہیں کر رہے ہیں کہ بھئی مرض ہے کیا تو دوا کیا دیں گے۔ لہذا پہلے اس بات کو determine کرنا پڑے گا آپ کو کہ یہ مسئلہ simple law and order کا ہے یا یہ مسئلہ political expediency کا ہے یا یہ مسئلہ صرف indiscretions and criminal activities of a group of persons کا ہے یا یہ مسئلہ ایک سیاسی سوال ہے' a political question which has to be solved جناب والا comments آ رہے ہیں پیچھے سے۔

Mr. Presiding Officer: Please carry on.

جناب آفتاب احمد شیخ۔ which has to be solved by dialogue اور مجھے خوشی ہے جناب چیئرمین مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ ہمارے اس طرف کے بیٹھنے والے دوستوں نے اس کو applicate کیا کہ یہ مسئلہ جو ہے یہ سیاسی مسئلہ اس کو table پر بیٹھ کر dialogue کے ذریعے حل کر سکتے ہیں اور کوئی طریقہ نہیں ہے' نہ administrative problem ہے' نہ یہ simple law & order problem ہے' نہ یہ political expediency کا مسئلہ نہ یہ indiscretion and criminal activities کا مسئلہ ہے یہ simple political nature کا مسئلہ ہے۔ کچھ مسئلے مسائل ہیں وہاں کے لوگوں کے جس کو بیٹھ کر ہم table پر گفتگو میں settle کریں گے problems معلوم کریں گے۔ تو پہلے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ خوش آئند قدم ہے یہ بڑا اچھا قدم ہے کہ دونوں سائیڈ ایک جگہ بیٹھ جائیں اور میں تمام دوست جنہوں نے یہاں تقاریر کی ہیں سب نے ہی اس کو appreciate کیا ہے میں ان کو join کروں گا I will join the this sentiments that this is a good step forward and let us hope ہم کسی اچھے نتیجے پر پہنچیں گے اور اس مسئلے کو ہم حل کریں گے لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی یہ مسئلہ اپنی جگہ پر قائم تھا آپ نے اب table talk کی بات کی۔ table پر بیٹھ گئے ہیں معاملے کو حل کیا۔ پہلے یہ مسئلہ create کیوں ہوا۔ یہ مسئلہ یہاں تک کیوں پہنچا۔ کراچی میں اتنی killings کیوں ہوئیں۔

آپ نے کیا methodlogy استعمال کی' کیا procedure آپ نے adopt کیا؟ کیا طریقہ کار adopt کیا آپ نے کہ یہ مسئلہ اتنا بڑا۔ تھوڑی سی میں اس پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں کہ آپ نے کیا کیا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ نے اس کو ایک سیاسی مسئلے کو Army operation کا رنگ دیا۔ 19 جون/ 1992ء سے کراچی میں اپریشن شروع کیا۔ جو قطعی غلط تھا۔ ایک سیاسی مسئلے کا حل سیاسی اعتبار سے ہونا چاہئے تھا بجائے اس کے کہ اس کو آرمی کے ذریعے crush کرایا جائے یہ بالکل ایک غلط step تھا جس کا بعد میں خمیازہ بھگتنا پڑا اور اب آپ بھگت رہے ہیں۔ آخر میں آپ کو آرمی کو واپس لینا پڑا۔ یہ کلیم غلط ہے آپ کا کہ آپ نے آرمی کو ہمارے کہنے پر withdraw کیا۔ نہیں' ہم نے ضرور demand کیا' بالکل demand کیا بارہا demand کیا لیکن صورتحال ایسی آگے بڑھ گئی کہ آپ مجبور ہو گئے کہ فوج کو واپس بلایا جائے۔ فوج اتنی involve ہو گئی تھی کہ آپ نے اس کو بلانا مناسب سمجھا۔ ایک اچھا قدم تھا آپ نے کیا لیکن یہ مسئلے کا حل نہیں تھا اس لیے معاملات آگے بڑھے اور خراب ہوئے۔ اس کے آگے چلئے جو جو آپ نے اقدامات کیئے اور جس کی وجہ سے معاملہ -- آپ نے بیس ہزار پولیس recruite کر لی کراچی شہر کے لوگ نہیں ہیں اس پولیس کے اندر لوگوں نے اس طرف اشارہ کیا۔ میرے دوستوں نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ آپ نے لوکل پولیس جس پر لوگوں کا confidence ہوتا ہے اس کو recruite کرنے سے آپ نے پہلوتہی کی ہے آپ کو چاہیے کہ وہاں کے لوگوں کو لائیں کراچی کے اندر۔ اس کے بعد جناب چیئرمین' custodian killings جس کو پکڑا اس کو مار دیا۔ Law enforcement agencies کی custody میں جتنے لوگ ان دنوں کراچی میں مارے گئے ہیں' میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی democratic set up میں' کسی بھی civilized ملک کے اندر یہ بات ممکن ہی نہیں ہے کہ آپ کسی آدمی کو ناجائز' fake, bogus مقابلہ دکھا کر اسے شوٹ کر دیں۔ میں وہ وجوہات بتا رہا ہوں کہ یہ معاملات اس طرح کیوں ہوئے۔ اس کے بعد جناب والا strong arms tactics استعمال کئے گئے۔ چھاپے' گرفتاریاں' ہم سے پیپلز پارٹی کے لوگ کہتے ہیں کہ بھئی تو آپ نے خود گرفتاری پیش کی۔ بھئی ہم کیا کرتے ' اس لئے کہ رات کے دو بجے بوٹ سے دروازہ توڑتے' اور گھر کا ٹی وی' فریج بوٹ سے توڑ دیں اور دنیا بھر کی تباہی گھر میں مچائیں' وہاں سے زیوارات اور قیمتی سامان لے لیں اور بندوں کو پکڑیں' جو کوئی ملے اسے بھی پکڑ لیں۔ ہم نے اس کو avoid کرنے کے لئے اس سے پہلے surrender کر کے جیل custody میں چلے

گئے۔ یہ صورتحال پورے کراچی میں ہر جگہ ہے۔ it is prevalent اور اسی وجہ سے کراچی کی صورتحال مزید ابتر ہوئی، مزید خراب ہوئی۔

جناب چیئرمین! میں یہ باتیں آپ کے سامنے اس لئے کر رہا ہوں کہ میری نگاہ میں اس کا کیا حل ہو سکتا ہے، اس لئے میں اس کو بہت جلد ہی cover کر لوں گا۔ رشوت کا بازار گرم ہے کراچی میں۔ آپ سن کر حیران ہوں گے کہ کراچی کی کیا صورتحال ہے۔ آپ law knowing person ہیں، آپ کی زندگی گزری ہے قانون کی خدمت کرتے ہوئے، عدالتوں میں جاتے ہوئے، آپ نے نہیں سنا ہو گا کہ inocents persons کو پکڑ کر لے گئے، اب ریٹس طے ہو رہے ہیں ان سے، ریٹس یہ طے ہو رہے ہیں کہ میاں henious case میں involve کر دیں گے، اتنے پیسے دو۔ Less henious case, more henious اسی حساب سے پیسے طے کئے جاتے ہیں۔ کراچی کے تھانوں میں رشوت کا بازار گرم ہے۔ یہ سارا fabrupt ایک دم نہیں اٹھا ہے، یہ سلسلہ بہت دن سے چل رہا تھا کراچی کے شہریوں کے ساتھ، جس انداز سے ظلم ڈھایا جا رہا تھا، وہ سب پیمانہ جو ہے، وہ قطرہ قطرہ بھرتے بھرتے، تو اب وہاں یہ صورتحال پیدا ہو گئی وہاں پر۔ کراچی میونسپل کارپوریشن کو توڑ دیا گیا، اس کو توڑ کے مختلف zones میں اس کو تقسیم کر دیا گیا ہے۔ صرف اس کی یک جہتی کو ختم کرنے کے لئے۔ ایڈمنسٹریٹر بھٹا دیئے گئے۔ میں آپ سے عرض کرتا ہوں۔۔۔ میں یہاں یہ جواب دینا چاہتا ہوں کہ یہ کہتے ہیں کہ بلدیاتی انتخابات census کے بعد کرائے جائیں۔۔۔ صاحب کیا تقریر کی جائے، دو تو آدمی ہیں وہاں پر، اس طرف تو آدمی ہی دو ہیں۔ جیئے پارٹی کے کل دو آدمی ہیں وہاں پر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اعوان صاحب ذرا مہربانی فرما کر ۔۔۔۔

جناب امداد علی اعوان، بریگیڈیئر اصغر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں پیچھے۔۔۔

جناب آفتاب احمد شیخ، نہیں جناب وہ گورنمنٹ کے آدمی نہیں ہیں، نہیں یہ جیئے پارٹی کے نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بہرحال وہ وزیر تو ہیں ناں، گورنمنٹ represent تو کرتے ہیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ، نہیں جناب میں اس بات پر شدید اعتراض کرتا ہوں کہ

کل دو آدمی اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ کہہ رہے ہیں کہ میں بولوں اور میرا تعلق ایم کیو ایم سے ہے اور میں اپنی معروضات اپنی grevances پیش کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : بہرحال اعوان صاحب ان کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے ان سے کہیں کہ وہ تشریف لائیں۔

جناب امداد علی اعوان : جناب چیئرمین! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں اپنے دوست سے کہ وہ خود اکیلا بیٹھا ہے اور تو کوئی ہے نہیں ان کے ساتھ-----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : نہیں اشتیاق اظہر صاحب بھی تشریف رکھتے ہیں۔ آپ تشریف لے جائیں آپ ذرا تکلیف فرمائیں۔ please carry on-

جناب آفتاب احمد شیخ : جناب چیئرمین! آپ کے حکم پر سرتسلیم خم ہے میرا لیکن ان چار آدمیوں کے درمیان کیا بات ہو گی؟ کراچی کے مسئلے پر کوئی سنجیدگی ہونی چاہیئے کوئی بات ہونی چاہیئے کوئی ذمہ دار لوگ ہونے چاہئیں یہاں پر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : آفتاب شیخ صاحب آپ یہ بات درست فرما رہے ہیں کہ گورنمنٹ کی طرف سے فاضل ممبران کو ہاؤس میں موجود ہونا چاہیئے اور زیادہ زیادہ دلچسپی لینی چاہیئے۔ بہرحال رضا ربانی صاحب تشریف لے آئیں آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I just take one minute, I was here, I was standing there and honourable minister is sitting on the back bench.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : یہ زیادہ بہتر ہے کہ جب کوئی وزیر صاحب یہاں موجود نہ ہوں تو جو یہاں موجود ہیں وہ اپنی نشست پر ہوں تا کہ وہ نظر آئیں۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I was in the house, I just gone for a second....

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ٹھیک ہی جی please take your seat' جی شیخ صاحب۔

جناب آفتاب احمد شیخ : جناب چیئرمین! میں آپ کی رولنگ کے سامنے سرتسلیم خم کرتا ہوں۔ لیکن آٹھ سات چھ آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں اپنا protest ریکارڈ کراؤں گا۔ it

should be recorded کہ اس طرف کل چھ آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔جناب والا میں بات کر رہا ہوں ایم کیو ایم کی جانب سے آپ کی طرف سے مجھے مثبت جواب چاہیئے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شیخ صاحب آپ جاری رکھیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ: بہتر سر بہتر میں آپ سے جو بات عرض کر رہا تھا وہ یہ کر رہا تھا کہ کراچی KMC کو مختلف ٹکڑوں میں بانٹ دیا گیا ہے اور بانٹنے کے بعد وہاں پر ایڈمنسٹریٹر بٹھا دیا گیا ہے اب جب ہم یہ کہتے ہیں ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ gross roots پر groos toots سے لیڈر شپ کو develop کرو بلدیاتی انتخابات کراو تو جواب وہاں سے یہ آتا ہے کہ بھائی census پہلے کرائیں گے اور census کرانے کے بعد نئے sensus کے حساب سے انتخابات ہونگے بہت اچھا ٹھیک ہے صاحب اگر یہ صورت حال ہے کہ census آپ کرائیں گے۔ تو ضرورت کیا ہے کہ آپ بلدیات کو dismuss کریں وہاں اپنے ایڈمنسٹریٹر بٹھائیں۔ پھر تو وہ ایڈمنسٹریٹر یا وہ میئر جو پہلے چل رہے تھے ان کو کیوں reinstate نہیں کرتے جب آپ کو پانچ سال census کرانے میں لگیں گے اب تک کوئی فارمولہ نہیں ہے۔ کہ کس بنیاد پر census ہوگا۔ ٹھیک ہے آپ census کرالیں ایک سال بعد دو سال بعد تین سال بعد لیکن کیا یہ صورت حال بہتر ہے کہ آپ کا اپنا ایک نامزد نمائندہ پورے کراچی کو چلا رہا ہے۔ اور جو elected میئر تھا کراچی کا' کارپوریشن کو dissolve کر دیا گیا اور dissolve کر کے اب آپ نے اپنا نمائندہ بٹھایا ہوا ہے اور الیکشن کرواتے نہیں ہیں۔ اور اگر آپ کرائیں گے تو آپ کو معلوم ہے کہ آپ کراچی سے جیت نہیں سکتے' حیدرآباد سے آپ جیت نہیں سکتے' آپ کو معلوم ہے کہ سندھ کے اربن علاقوں سے آپ جیت نہیں سکتے۔ لہذا نہ آپ آبادی کا census کرائیں گے اور نہ آپ وہاں سے بلدیاتی الیکشن کرائیں گے۔ چونکہ gross roots سیاست جو ہے آپ کہتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ گورنر۔ ارے بھائی صاحب' پہلے آپ یہ تو بنا لیں جو بنا رہے ہیں آپ۔ کیا ڈیموکریٹک پارٹی کی traditions میں یہ بات آ سکتی ہے کہ بغیر الیکشن کے آپ کارپوریشن condone کر رہے ہیں۔ بغیر الیکشن کے اور دو سال ہوگئے ہیں آپ کو ۔ بغیر الیکشن کے کارپوریشن چلا رہے ہیں۔ کروڑوں اربوں روپے کے فنڈز جیالوں میں تقسیم کر رہے ہیں۔ اربوں روپے آپ اپنے پسندیدہ لوگوں کے علاقوں میں خرچ کر رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، five minute more۔

جناب آفتاب احمد شیخ، مسٹر چیئرمین! میں ابھی بیٹھ جاؤں گا۔ آپ فرمائیں تو ابھی بیٹھ جاؤں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، نہیں میں نے تو وقت کا حساب بتایا ہے۔

جناب آفتاب احمد شیخ، نہیں جناب والا میں بیٹھ جاوں گا۔ دیکھئے چیئرمین صاحب آپ کو رولنگ ہونی چاہئے جو شروع میں سپیکر بولے ہیں میں نے کھڑے ہو کر پوائنٹ آؤٹ کیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ تقریر جاری رکھیں۔

جناب آفتاب احمد شیخ، بہتر' میں نے کھڑے ہو کر پوائنٹ آؤٹ کیا تھا کہ کسی کو پینتالیس اور کسی کو پچاس منٹ دے رہے ہیں۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ census پر condition نہیں ہونی چاہئے۔ کراچی کے بلدیاتی انتخابات' سندھ کے اور علاقوں کے بلدیاتی انتخابات وہ gross roots لیڈر شپ develop کریں آپ تاکہ لوگوں کو چھوٹے موٹے کاموں میں ملوث کریں گے۔ لوگ لگیں اپنے کاموں میں چھوٹے موٹے فنڈ ملیں ان کو اپنے محلوں میں ادھر ادھر ڈویلپمنٹ کرائیں وہ چھوٹی موٹی لیڈر شپ ابھرے۔ لوگ مثبت کاموں میں لگیں وہ کام آپ نہیں کر رہے۔ اس کے بعد جناب والا آپ نے advisory council بنائی ہیں۔ کراچی میں اپنے مخصوص' اپنے پسندیدہ ' اپنے منظور نظر لوگوں پر مشتمل آپ نے نامزدگی کر دی ہے۔ یہ کیا چیز ہے کیا آپ نے پورے کراچی سے جن کا حق ہے ان کو نکال کر باہر کر دیا اور آپ نے خود نامزد کر کے ۲۰۰ یا ۲۵۰ افراد پر مشتمل advisory کونسل بنائی ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! جمہوریت کا craze ہے اس پارٹی پر۔ کہتے ہیں کہ ہم جمہوری ادارہ ہیں ہم جمہوری لوگ ہیں ' یہ کہتے ہیں ہم نے گیارہ سال مارشل لاء کی مخالفت کی ہے' یہ کہتے ہیں ہم نے فیس کیا ہے ہم جمہوریت سے آئے ہیں' یہ بات جمہوریت کی نفی نہیں کرتی جو یہ کر رہے ہیں کہ نامزد دو سو افراد وہ کراچی میونسپل کارپوریشن کو چلا رہے ہیں۔ کراچی میونسپل کارپوریشن بذات خود ایک بہت بڑا شہر ہے' اتنا بڑا شہر ہے جتنا بڑا ایک صوبے کا بجٹ ہوتا ہے اتنا بڑا کراچی میونسپل کارپوریشن کا بجٹ ہوتا ہے۔ اتنا بڑا بجٹ ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ میری ان سے مودبانہ گزارش ہے کہ آپ وہاں پر representative باڈی لائیں تاکہ لوگوں میں احساس محرومی کہ بات کر رہے ہیں۔ میرے

فاضل دوست نے محرومیت کی بات کی۔ یہ محرومیت نہیں ہے کہ ہم سے ہمارا حق چھین کر کے ہمارے لوگ سب چھین کر کے آپ نے نامزد کیا ' اور ۲۰۰ افراد بٹھا دیئے اور خوب پیسہ لٹا رہے ہیں۔ اور ہماری سکیمیں جتنی ہیں اس کے جا کر آپ فیتے کاٹ رہے ہیں۔ یہ کیا ظلم ہے یہی حالات حیدر آباد میں ہیں۔ یہی حالات اورکئی جگہوں پر ہیں تو یہ جو آپ نے ہم کو زبر دستی stopped کیا ہے ' روکا ہے ' یہ عمل جو ہے اس عمل سے بھی یہ بدنظمی ہوئی ہے یہ سیاسی بدنظمی یہ امن وعامہ کی بدنظمی جو ہے وہ اس عمل سے بھی پیدا ہوئی ہے اس کے بعد جناب والا! میں یہ عرض کروں گا آپ سے ' کہ بار بار صوبے میں آپ ہوم سیکرٹری تبدیل کر رہے ' ہیں ایس ایچ ' او تبدیل کر رہے ' ہیں آئی جی تبدیل کر رہے ہیں ۔ڈی آئی جی change کر رہے ہیں بھائی کیا مطلب ہے آپ کا ؟ کیوں ایسا کر رہے ہیں آپ ؟ ہر ایک کو ٹرانی کر رہے ہیں ہر ایک کو آپ باقاعدہ بریف کرتے ہیں کہ میاں یہ یہ کرنا ہے تم کو ' میں یہ کہتا ہوں کہ ان لوگوں کو لے کر آیئے جو وہاں کے لوگ ہیں راولپنڈی سے ڈی ' آئی ' جی بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔ سندھ کے ڈی ' آئی ' جیز موجود ہیں ' سندھ کے ایس ' ایس پیز موجود ہیں ' سندھ کے سینیئر لوگ موجود ہیں آپ ان کو کیوں نہیں Apply کرتے۔ کیا وہاں کے سارے لوگ Incompetent ہیں ۔جو آپ نے راولپنڈی سے ڈاکٹر شعیب کو بھیجا ہے ۔ میری سمجھ میں بات نہیں آتی وہ بندہ کہہ رہا کہ میں کچھ نہیں جانتا ہوں بھائی ' میں کراچی کی situation کو ڈیل نہیں کر سکتا ہوں کیونکہ میں وہاں رہا نہیں ہوں آپ مجھے نہ بھیجیں ۔ اس آدمی کو Apply کریں جو وہاں کا بندہ ہو وہاں کے بندوں کو feel کرتا ہو۔ جناب چیئرمین! میں یہاں با آواز بلند یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں آپ کو تھپڑ مار کر بات صحیح کرنی چاہئیے وہاں گولی چلاتے ہیں آپ اور جہاں آپ کو گولی سینے پر نہیں نیچے زمین پر مارنی چاہئیے ' پیر پر مارنی چاہئیے وہاں آپ سینے پر گولی مارتے ہیں جب سینے پر گولی مارتے ہیں ' تھپڑ تھپڑ تو بات صحیح نہیں کرتے ' کسی کو پیار دینے کو تیار نہیں ہیں آپ۔ تو پھر وہاں کے شہریوں سے آپ کیا توقع رکھتے ہیں ؟ وہاں کے شہریوں سے آپ کیا چاہتے ہیں ؟ وہاں کے شہری بھی وہی جواب دیتے ہیں جو آپ جواب دیتے ہیں ۔ پہرے لگے ہوئے ہیں پہلے رینجرز کی لگی جس سے مقابلہ ہو رہا ہے اس کی لگی بس یہ ہے صورت حال پیار چاہئیے مسئلے کا appreciation چاہئیے ۔ انہیں آپ یہ مت کہیں راجیو کی اولاد ہو تم ' Investigation کے اندر پکڑ کر لے کے جائیں لیکن مت کہیں ان کو کہ تم راجیو کی اولاد ہو

یہ بات اچھی نہیں ہے۔This is very bad.

(اور اسی دوران نماز ظہر کی اذان کی آواز آئی)

(اذان کے بعد ۔۔ جناب پریذائیڈنگ آفیسر صاحب نے اجلاس کی کارروائی اتوار ۱۶جولائی شام پانچ بجے تک ملتوی کردی)

[The House then adjourned to meet again on Sunday 16th of July, 1995 at 5.00.]

PCPPI—4718(97) Senate—17-10-97—180.